# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Monday, August 09, 1999*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at five minutes past six in the evening with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وعداللہ الذین امنوا منکم و عملو الصلحت لیستخلفنھم فی الارض
کما استخلف الذین من قبلھم ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضی لھم
ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا۔ یعبدوننی لایشرکون بی شیئا۔ ومن
کفر بعد ذلک فاولئک ھم الفسقونO واقیموالصلوۃ واتوا الزکوۃ
واطیعوا الرسول لعلکم ترحمونO

(ترجمہ)۔ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے تم میں سے ان لوگوں کے ساتھ جو ایمان لائیں اور نیک عمل کریں کہ وہ ان کو اسی طرح زمین میں خلیفہ بنائے گا جس طرح ان سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں کو بنا چکا ہے' ان کے لئے ان کےاس دین کو مضبوط بنیادوں پر قائم کر دے گا جسے اللہ تعالٰے نے ان کے حق میں پسند کیا ہے' اور ان کی (موجودہ) حالت خوف کو امن سے بدل دے گا بس وہ میری بندگی کریں اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں۔ اور جو اس کے بعد کفر کرے تو ایسے ہی لوگ فاسق ہیں۔ نماز قائم کرو' زکوٰۃ دو' اور رسول کی اطاعت کرو امید ہے

کہ تم پر رحم کیا جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** جزاک اللہ، Leave Applications.

Leave of Absence

**جناب چیئرمین۔** قاضی محمد انور صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر 3 اور 9 اگست کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین۔** رضا ربانی صاحب ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے 29 جولائی تا تین اگست اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ انہوں نے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین ۔** جناب سرانجام خان صاحب نے علالت کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس، رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین ۔** جناب پرویز رشید صاحب بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر تین اگست کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ انہوں نے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین ۔**ظفر اللہ خان جمالی صاحب نے حالیہ مکمل اجلاس رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین۔** سیف اللہ پراچہ صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر 29 جولائی تا3 اگست اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے ۔ انہوں نے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین۔** سید عابدحسین ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے گزشتہ 98th اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں۔لہذا انہوں نے مکمل اجلاس کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین۔** اکرم ذکی صاحب ملک سے باہر تھے اس لیے 29 تا 30 جولائی ، اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین۔** فاروق احمد خان ذاتی مصروفیات کی بنا پر 6 اگست کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے، اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین۔** راجہ اورنگزیب صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 6 اگست کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** جی جناب! پوائنٹ آف آرڈر فرمائیے رضا ربانی۔

## POINT OF ORDER RE: REPRESENTATION OF THE SENATE IN OIC AND SAARC PARLIAMENTARIANS ASSOCIATION.

Mian Raza Rabbani: Sir, I have two very short points of order. Sir, first I would like to draw your attention and through you, the attention of the Senate that we have been seeing that a Muslim Country Parliamentarians Association

(OIC Parliamentarians Association) has been formed and prior to that the SAARC Parliamentarians Association has also been formed and the word beingused in both is "Parliament", and "Parliament", according to the Constitution of Pakistan means boththe Houses that is the National Assembly and the Senate. But unfortunately, I think this regime, on purpose, in its bit to undermine and under-play the Senate, has ignored the Senate of Pakistan as far as both these Associations are concerned and it has become the sole domain of the National Assembly and the Speaker of the National Assembly. So, from the Opposition, we would request you, as the custodian of this House, to kindly take this matter up with the Speaker of the National Assembly and inform him that under the Constitution the word "Parliament" means both the Houses, that is the Senate and the National Assembly and the Senate should be given its due share in both the Associations of the OIC and the SAARC Parliamentarians. So, that was point No.1.

## RE: STATEMENT ISSUED BY THE FOREIGN OFFICE.

Sir, the other point that I would like to draw your attention to, is of a very very serious nature and one had thought that after the massive debacle at Kargil and the total failure of the Foreign Office during that entire operation, which we will go into detail tomorrow when the discussions start, this regime would have learnt its lesson. But unfortunately, sir, even today there is no direction whatsoever that is coming from the Foreign Office vis a vis the talks or not having talk with India. Sir, it is most unfortunate that in today's newspapers, if you pick them up, you have two, absolutely hundred percent contradictory statements. One statement is by the High Commissioner of Pakistan in New Delhi, India .He says that Pakistan and India should resume the dialogue at the United Nations in New York and he says that the elections should not be allowed to become a stumbling block to this. This

is the categorical statement of the High Commissioner of Pakistan in India and it is alike in "The Nation" and in all the newspapers that the Pakistan High Commissioner has said or that Pakistan has said because he represents Pakistan, that Pakistan has proposed talks.

What do we have on the other hand? On the other hand, you have the Foreign Minister of Pakistan saying and here I have "The NEWS" of today and the Foreign Minister says about expected Pakistan - India talks in New York during the UN General Assembly Session, he said; "it was not possible". Now the High Commissioner is asking for talks, the Foreign Minister of Pakistan is saying that these talks are not possible. He said at the time of the Session India would be busy in general elections and there would be no Government in New Delhi.

Now, what the hell is going on? I apologise for the language that I have used and I withdraw the word. But what is going on? The Foreign Office is making one statement, the High Commissioner is making one statement on such a sensitive issue, and on the other hand the Indian Government is telling you that go on. Go for a ride, we don't want to have talks with you. An another boost destressing matter is that yesterday, the Indian Prime Minister had the audacity and this had to come. It is a fall out of the Washington's statement that the Indian Prime Minister has turned around and said that Pakistan should be declared as a terrorist state and today the Foreign Office of Pakistan is absolutely mute. There is no statement, there is no reaction from the Foreign Office of Pakistan that the Indian Prime Minister says that Pakistan should be declared as a terrorist state and they are talking pining away that please, for God's sake, let us sit down and have a dialogue....

خدا کے لئے dialogue کر لو اور وہ کہہ رہے ہیں کہ آپ terrorist state ہیں۔ جناب! اس پہ

تفصیل سے تو کل بحث ہو گی لیکن یہ ایک contradiction ہے۔ یہ کس طرف ملک کو لے کر جا رہے ہیں۔ انہوں نے پہلے ہی ملک کو isolate کر دیا ہے international community کے اندر، چائنا جیسے ملک نے کارگل کے مسئلے پر آپ کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا ہے اور اب بھی آپ اس طرح کی باتیں کرتے ہیں۔ جب آپ کا ایک ہائی کمشنر کہہ رہا ہے کہ آئیں مذاکرات کریں نیویارک میں اور فارن منسٹر کہہ رہا ہے کہ جی مذاکرات ہو ہی نہیں سکتے۔

Mr. Chairman: Raja Sahib, would you like to respond?

دو points انہوں نے raise کئے ہیں۔ پہلا پتہ نہیں آپ نے سنا ہے یا نہیں۔ پہلا انہوں نے کہا ہے کہ SAARC Speakers' Association بنی ہے اور International Islamic Parliamentarians' Union بنی ہے۔ ان میں سینٹ کو کوئی role نہیں دیا جا رہا۔ ان کا کہنا ہے کہ

we should approach the Speaker and tell him that they should not bypass the Parliament because parliament means two houses.

دوسرا ان کا point یہ ہے کہ انڈیا میں ہمارے جو ہائی کمشنر ہیں ان کا آج interview چھپا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ we should not be hostage till elections in India and we should ask the Indian Government to hold dialogue in New York اور دوسری طرف ہمارے فارن منسٹر کا یہ بیان ہے کہ نہیں جب تک نئی حکومت نہیں آتی ایسا نہیں ہو سکتا، تو یہ دو issues ہیں۔

راجہ محمد ظفر الحق: جناب! یہ جو پہلا point ہے کہ

Senate is not being given its due importance in the International Parliamentarians' Organization.

اس کے بارے میں آپ کو پتہ ہے کہ

we have approached the Speaker of the National Assembly and he has agreed that whenever the occasion arises where Parliament has to be represented, it will be both the Houses. Insha-Allah it will be done in future, it will be rectified. Regarding

the second question sir, the Foreign Minister has been quoted out of context. I have a meeting with him this morning and he is going to rectify the situation in the press.

**Mian Raza Rabbani:** If the Prime Minister of India has not said that Pakistan should be declared as a terrorist state then why the Foreign Office responded to that?

**Mr. Chairman:** I saw a *"Statement"* of the Foreign Minister saying that India should be declared a terrorist state.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, that was in response to a question. He did not voluntarily come out with the response, the Foreign Office has not come out with that response.

**Raja Muhammad Zafar-ul-Haq:** I believe we have to have a full fledge debate on the Kargil situation and the aftermath so the next two days are fixed for this.

**جناب چیئرمین:** تو یہ سارے issues اس میں آجائیں گے۔ زاہد خان صاحب۔

**جناب محمد زاہد خان:** پہلے تو میں کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے منسٹر صاحبان میں سے صرف دو ہی آتے ہیں، راجہ صاحب اور یٰسین وٹو صاحب۔

**جناب چیئرمین:** آپ کا مطلب ہے کہ صرف دو آ جاتے ہیں یعنی زیادہ آنے چاہئیں۔

**جناب محمد زاہد خان:** جناب! پہلے بھی اس ہاؤس میں ہم آپ کو یہ point نوٹ کرواتے رہے ہیں کہ یہاں پر منسٹر صاحبان آتے ہی نہیں اور ہمارے جو points of order ہوتے ہیں یا جو ہمارے questions ہوتے ہیں ان کے جوابات نہیں آتے۔ اب میرا point of order جس کے لئے میں اٹھا ہوں یہ میں نے پہلے ہفتے میں raise کیا تھا پرائم منسٹر کے متعلق تو اس وقت

انور بھنڈر صاحب چیئر کر رہے تھے، انہوں نے اس وقت جو تین چار منسٹر صاحبان بیٹھے ہوئے تھے ان سے پوچھا کہ کیا آپ لوگ اس کا کوئی جواب دینا چاہتے ہیں تو سارے منسٹر صاحبان چپ ہو گئے اور پھر فیصلہ یہ ہوا کہ اسحاق ڈار صاحب آئیں گے تو اس question کا جواب دیں گے۔ اب یہ بتایا جائے کہ کیا میں پھر وہ سوال دہرا دوں یا اسحاق ڈار صاحب کا انتظار کروں۔

**جناب چیئرمین:** میرا خیال ہے مناسب یہی ہو گا کہ جب question آپ نے raise کر دیا ہے تو I think Ishaq Dar Sahib آ جائیں تو وہ اس کا جواب دیں گے۔

**جناب محمد زاہد خان:** جناب! یا تو آپ ان کو ہدایت کریں تا کہ پتہ چلے کہ وہ کب آ رہے ہیں، کب مجھے اس کا جواب ملے گا؟ ایک ہفتہ تو پہلے ہی گزر گیا، یہ ہفتہ بھی گزر جائے گا اور پھر session prorogue ہو جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** اگر آپ مجھے تحریری طور پر کچھ دے دیں پھر تو میں انہیں بلا بھی سکتا ہوں۔ زبانی تو پھر یہی ہے کہ انتظار کرتے رہتے ہیں جب آئیں گے تو جواب آ جائے گا۔

**جناب محمد زاہد خان:** جناب! جب point of order raise ہو جاتا ہے تو --------

**جناب چیئرمین:** یہ تو صرف courtesy ہے، نہ یہ rules میں ہے نہ کچھ ہے، اگر آپ مجھے باقاعدہ کوئی چیز دیں تو میں ان کو بلا بھی سکتا ہوں۔ کوئی question دے دیں، مجھے کوئی adjournment motion دے دیں تو پھر بھی بات بنے۔

**جناب محمد زاہد خان:** جناب! جب یہ ہاؤس چل رہا ہے تو اس میں منسٹر صاحبان کا ہونا لازمی ہے یا نہیں ہے؟

**جناب چیئرمین:** میں یہ نہیں کہہ سکتا، لیکن جس کا business ہو اس کا یہاں ہونا لازمی ہے، he must attend the session. لیکن اگر ویسے ہی چالیس آدمی یہاں بیٹھتے ہیں تو اس کا تو کوئی فائدہ نہیں ہے۔

**جناب محمد زاہد خان:** اگر آپ اس طرح انہیں بچائیں گے اور support کریں گے تو کوئی نہیں آئے گا لیکن اس ہاؤس کا، جس کے آپ custodian ہیں کوئی وقار ہے کہ نہیں؟

**جناب چیئرمین:** میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر مجھے آپ کوئی چیز تحریری طور پر دیں تو پھر میں انہیں بلا لوں۔

**جناب محمد زاہد خان:** جناب! جب آپ point of order کی اجازت دیتے ہیں تو آپ کی طرف سے ایک ruling ہوتی ہے کہ آپ مجھے اجازت دے رہے ہیں کہ میں بات کروں۔

**جناب چیئرمین:** اس کے لئے دیکھیں، پچھلی دفعہ بھی یہی فیصلہ ہوا تھا کہ اس پر دوبارہ غور کرتے ہیں کہ how to make it more effective تو اس پر بیٹھ کر بات کرتے ہیں۔

**جناب محمد زاہد خان:** جناب والا! مسئلہ یہ ہے کہ جب آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں بولوں اور جب میں اٹھتا ہوں اور اس ملک و قوم کی کوئی بات کرنا چاہتا ہوں، جس سے عوام کو تکلیف ہے تو اگر آپ وزیر صاحب کو support کرتے ہیں اور وہ ہاؤس میں آتے ہی نہیں ہیں تو جواب کیسے دیں گے۔

**جناب چیئرمین:** دیکھیں ! میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ جب وہ آئیں گے تو۔۔

**جناب محمد زاہد خان:** جناب! Leader of the House بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو کہہ دیں کہ ان کو بلوائیں، کب وہ آئیں گے، کب مجھے انہوں نے جواب دینا ہے۔

**جناب چیئرمین:** راجہ صاحب ! اسحاق ڈار صاحب کو کہیں کہ کسی وقت آ جائیں تا کہ ان کے مسئلے کا حل ہو سکے۔دیکھیں ناں میں یہی کہہ رہا ہوں کہ راجہ صاحب کے لئے اور the reason why I am hesitating is that how can he commit کہ وہ کل فارغ ہو کر آ جائیں گے۔ I do not know میں اس لئے کہہ رہا ہوں۔

**جناب محمد زاہد خان:** جناب! ان کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ یہاں آئیں۔ یہ بتا دیں کہ کب تک آئیں گے۔

**راجہ محمد ظفر الحق:** اس اجلاس میں آ جائیں گے۔

**جناب چیئرمین:** راجہ صاحب کو تو ہم commit کروا سکتے ہیں لیکن راجہ صاحب کسی کے behalf پر commit نہیں کر سکتے، کل وہ کہیں کہ میری تو IMF کی میٹنگ ہے تو پھر

میں کیا کروں گا؟ اس لئے میں کہہ رہا ہوں۔

جناب محمد زاہد خان: جناب والا! ان کی ذمہ داری ہوتی ہے - یہ جا کر ان سے بات کر لیں۔

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, why you are so apologetic towards the Ministers, you have powers, you are the custodian of this House. They can hold this House hostage. They should be present in the House.

Mr. Chairman: On this, there is no difference, the point is

کہ جس کا کام نہیں ہے آج، اس کو حاضر کرنے کے لئے میں کیا کر سکتا ہوں۔

میاں رضا ربانی: جناب والا! پچھلے سوموار کو زاہد نے یہ سوال اٹھایا تھا کہ وزیراعظم کی جو properties اور فیکٹریز ہیں، وہ sale ہوئی ہیں یا نہیں ہوئی ہیں، کتنی اس کی proceeds آئی ہیں۔ They are aware of that.

جناب چیئرمین: نہیں، وہ صحیح بات ہے، as soon as he is here or if he is here tomorrow, fine, we will ask him tomorrow. وہ کہتے ہیں کہ یہ commit کر دیں، تو یہ کیسے کر سکتے ہیں۔ He can only ask him to come. دیکھیں زاہد خان صاحب! راجہ صاحب ان سے بات کر کے ہی commit کر سکتے ہیں۔

جناب محمد زاہد خان: جناب والا! اگر ان وزراء کی مرضی کو دیکھیں گے تو نہ وہ آئیں گے اور نہ ہی ہاؤس کو جواب دیں گے۔

جناب چیئرمین: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ commitment چاہتے ہیں، how can he commit on his behalf here. All he can do is, ask him and then commit کہ میری بات ہوگئی ہے، کل وہ آ جائیں گے۔

میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین صاحب! بات یہ ہے کہ اگر فرض کریں کہ فنانس منسٹر نہیں آتے ہیں ہاؤس میں۔

جناب چیئرمین: نہیں، کیوں نہیں آتے ہیں۔ اگر ان کو بلوائیں گے تو وہ ضرور

آئیں گے۔

Mian Raza Rabbni: Sir, I give him the benefit of doubt that he is busy, he is out of the country, he can not come. جو information مانگی گئی ہے وزیر اعظم کے assets کی، جو انہوں نے کہا تھا، ان کی sale ہوئی ہے یا نہیں ہوئی ہے۔ کتنی proceeds آئی ہیں، یہ تو کوئی ایسی classified or confidential information نہیں ہے، یہ کوئی کارگل آپریشن تو نہیں ہے کہ وزیراعظم کہے گا کہ Army did it on its own, I have no idea. They can find out, any Minister can find out, any Minister can find out that this is the information from the Finance Ministry and make him answer in the House.

جناب چیئرمین: چلیں دیکھ لیتے ہیں۔ جی اقبال حیدر صاحب۔

Syed Iqbal Haider: Sir, I would draw your kind attention to this most alarming policy of the present regime in Pakistan to victimize, harass the NGOs. Non Governmental Organizations are playing a very effective role in the social sector to uplift the workers, living conditions as well as to educate the people. Among them the latest target of victimization and harassment is one of the very well known, respected and most non-controversial organization called *'Sangi'*. It has been established by a very honourable person and his father was also a very respected person, Air Martial Asghar Khan's son, Umar Asghar Khan whose integrity, the integrity of the entire family is above and beyond doubt sir. And they are doing a phenomenally invaluable work in the interior of Frontier and particularly in Hazara region. It is a latest target of the NGO, the *'Sangi'* headed by Umar Asghar Khan sir. His workers, who are educating the masses, who are giving the conciousness, are encouraging the people of the area to emancipate in all walks of life without any discrimination on the basis of sex, creed , religion or

ethnicity.

Sir, he has been harassed under the patronage of the Government, who wants to push Pakistan to the stone age era. And they are condemning Umar Asghar Khan and his workers as non-muslim and they are giving even "FATWA" of Qadiani which is most shameful. What a respected family, a son of the Chief of Air Force, first Chief of Air Force, who is a hero of this nation, his son is also being harassed and branded as a Qadiani just because he is trying to educate the people. Some sort of a pseudo ulema and "ULMA-I-SOO" are issuing "FATWA" like they had issued "FATWA" against Najam Sethi that he is a Qadiani. Whosoever they would like, they brand him as a Qadiani. Now they are branding Umar Asghar Khan as a Qadiani.

It is reported in today's "The News", front page story that now the latest target is another NGO, Sangi. Sir it is a horrifying story. Some noble social workers of this country who are doing some good work , if they are discouraged and condemned and victimized in this manner then what will happen to our country? He is doing most invaluable service for improving the plight of the most down-trodden people of Hazara Division and they are allowing those "ULEMA-I-SOO" who feel threatened that if people will be educated, they will not follow, they will not be under their control. So whosoever they find those "ULAMA-I-SOO" declare him as a Qadiani and harass him and victimizehim and issue "FATWAS" because such "ULMA-I-SOO" are being patronized by the present government. They are protected by the present government and no action has been taken by any government either of the federation or of the province against the harassment, vicitimization of Umar Asghar Khan and all the office bearers and workers of Sangi.

Sir, I just draw your attention that "The News" has reported that the government can no longer look the other way specially now that it has been told directly by the members of Pakistan Development Forum that they are deeply concerned about the government's moves against NGOs in Pakistan.

Sir, the world is expressing concern and this was conveyed to Finance Minister, Mr. Ishaq Dar on Friday regarding the threats to an internationally renowned NGO, Sangi which is headed by Mr. Umar Asghar Khan who has received threats to his life, and he has complained to every authority and the authorities are saying, "no".

This "AALIM-I-SOO" whose name is Qazi Khalil, has no right to brand anybody as a non-muslim or non-Pakistani and it is a shocking report sir, in today's "The News".

My contention is this that strict action should be taken against Qazi Khalil, a so called "AALM-I-SOO" for issuing these threats to the life of a muslim and branding a muslim and a highly respected family as non-muslims. This is the biggest abuse to call a muslim as a non-muslim. So, they should also take immediate action, arrest him and also punish him in the worst possible manner. Who is this Qazi Khalil to declare anybody non-muslim?

جناب چیئرمین: کوئی FIR وغیرہ ہے؟ Is there any FIR in this case?

Syed Iqbal Haider : Sir, no. It is being done openly from the loud speaker of the mosque in Mansehra. In Mansehra, Qazi Khalil is announcing on the loud speaker.

جناب چیئرمین: راجہ صاحب! آپ اس کا کوئی مناسب جواب دیں گے۔

راجہ محمد ظفرالحق : جی اس کا ہم پتہ کروائیں گے کہ کیا صورت حال ہے۔ اس کے

مطابق پھر کوئی اقدام کریں گے۔

جناب چیئرمین، مسعود کوثر صاحب۔

سید مسعود کوثر ، شکریہ جناب چیئرمین!

جناب چیئرمین ، لمبا نہ کریں کیونکہ ٹائم تھوڑا ہے۔ مولانا صاحب بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔

سید مسعود کوثر ، بہت مختصر جناب والا۔ جناب چیئرمین ! کچھ دن پہلے جب آپ preside نہیں کر رہے تھے، پاکستان ٹیلی وژن نے ----

Mr. Chairman : Why is it that all the important things happen when I am not presiding.

Syed Masood Kausar : Sir, I think, no worry, you knew it or not but this is what happened.

جناب والا! پاکستان ٹیلی وژن نے کوئی دس دن پہلے یا اس سے بھی دو ہفتہ پہلے کارگل کے ہیروز کے نام سے ایک پروگرام نشر کیا تھا۔

چیئرمین : اچھا۔

سید مسعود کوثر : جناب والا! پاکستان ٹیلیویژن نے کوئی دس دن پہلے یا اس سے بھی دو ہفتے پہلے کارگل کے Heroes کے نام سے ایک پروگرام نشر کیا تھا۔ جناب والا! یہ اس لحاظ سے بڑی اچھی بات ہے کہ ہم سب لوگ کارگل کے شہداء کی قربانیوں کو بڑی قدر اور عقیدت کی نظر سے دیکھتے ہیں لیکن جب وہ پروگرام پیش کیا گیا تو اس میں شہداء کے بہت قریبی رشتے دار عزیز دوست اور غالباً Communication Minister صاحب بھی موجود تھے۔ جناب والا! ایک ایسا پروگرام جوکہ شہداء کی یاد میں منایا جا رہا تھا، ماسوائے ایک قومی ترانے کے، اس میں اتنے بھونڈے قسم کے نغمے اور حرکات ہوئیں، اس موقع کی مناسبت سے بالکل مختلف، ایک ایسا موقع کہ جب شہیدوں کا خون بھی ابھی خشک نہیں ہوا تھا۔ ان لوگوں نے کہیں سے پاپ سنگر بلائے۔ میں پاپ سنگرز کے خلاف نہیں ہوں لیکن ہر ایک چیز کا اپنا ایک موقع ہوتا

ہے - میں خاص طور پر کہتا ہوں کہ پشاور ٹیلیویژن کا جو منیجر ہے ' اس کو اسی وقت توجہ کرنی چاہئیے تھی کیونکہ ہم Frontier کے لوگ اس چیز میں زیادہ محتاط ہیں اور صوبہ سرحد سے جو گلوکارہ آئی تھی اس کی ادا دیکھ کر جناب والا! میں کہتا ہوں کہ لوگ اس وقت virtually رو رہے تھے۔ ہر تین منٹ کے بعد ایک بھونڈا سا musician آ جاتا تھا اور اپنی حرکات اور سکنات سے بالکل اس occasion کو negate کرتا نظر آتا۔ اس وقت ٹیلیویژن کے MD موجود نہیں تھے پھر Minister صاحب نے کہا کہ ہم اس کا پتا کریں گے۔

جناب والا! اصل میں بدقسمتی یہ ہے اور یہ ہماری قوم کا بڑا المیہ ہے کہ ہم اپنی شکست کو فتح کے رنگ میں پیش کرنا چاہتے ہیں اور بجائے اس کے کہ 14 اگست کو یوم احتساب ہوتا کہ ہمارے بہادر شہداء نے جو قربانیاں دی ہے ان کی قربانیوں کو کیوں رائیگاں جانے دیا گیا۔۔۔

**جناب چیئرمین:** یہ تو کل debate ہو گی۔

**سیدمسعود کوثر** : جناب والا! یہ debate نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت جس میں اگر تھوڑی سی بھی غیرت ہوتی تو سب کے سب resign کر جاتے۔ اس کے برعکس آج یہ dance کر رہے ہیں ' جشن منا رہے ہیں' کس چیز کا جشن منا رہے ہیں؟ اس بات کا کہ ان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے آج ملک تمام دنیا میں رسوا ہو چکا ہے۔ ہمیں تو کم از کم شرم آتی ہے' مجھے پتا نہیں کہ ان کو آتی ہے کہ نہیں۔

اب یہ دوسرا پروگرام نشر کر رہے ہیں۔ میری یہ request ہو گی کہ کارگل کے شہداء کے لئے جتنے بھی پروگرام پیش کئے جائیں کم ہیں' ہمیں اس پر گلہ نہیں ہے' ہونے چاہیئں لیکن اس موقع کے مطابق ' جس طریقے سے ان کو خراج عقیدت پیش کیا جانا چاہیئے ' سنجیدہ قسم کے پروگرام ہوں - اس قسم کے بھونڈے پروگرام نہ کئے جائیں۔ جب سے یہ حکومت آئی ہے پاکستان ٹیلیویژن پر اسی قسم کے پروگرام آتے ہیں۔

**جناب چیئرمین** : شکریہ - جی جناب آج Minister صاحب پھر نہیں ہیں۔ نہیں ' again, you see میرے خیال میں we must sit together کہ کوئی طریقہ بنائیں where we can get their proper responses.

Syed Masood Kausar: Sir, this is no way, I raised this point of order

two weeks ago.

**Mr. Chairman**: I know, I know but anyone, I think..........

جی، نہیں I would reprimand him, if he was required here. How would he know کہ انہوں نے آج یہ raise کرنا ہے۔

(مداخلت)

**سید مسعود کوثر**: جناب! انہوں نے آج جواب دینا تھا۔

**میاں رضا ربانی**۔ انہوں نے یہ مسئلہ پچھلے ہفتے اٹھایا ہے،

sir you kindly reprimand the Minister.

**جناب چیئرمین**: نہیں، when he would even know کہ آج کرنا ہے۔ جی جناب میجر مختار صاحب! میجر مختار صاحب کا point ہے۔ راجہ صاحب! Information Minister سے کہیں کہ وہ کل آئیں اور اس کا جواب دے دیں۔ جی۔

**راجہ محمد ظفر الحق**: جناب چیئرمین! آپ کے Chamber میں تمام parties کے heads کی meeting ہوئی تھی اور اس میں یہی بحث ہوتی رہی کہ کیا طریقہ اختیار کیا جائے کہ points of order کی ایک خاص rule کے تحت limitations کی جائیں۔ جب اس سے ہٹ کر ایک arrangement کیا گیا ہے کہ members کو یہ سہولت دی جائے کہ وہ کسی معاملے پر آدھا گھنٹہ بات کرنا چاہیں تو کریں۔ ابتداء میں ہم دو تھے، اس وقت پانچ ہیں۔ جی، نہیں، نہیں میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ پانچ ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اگر بیس بھی ہوں تو آپ کے لئے کم ہیں۔ لیکن بات یہ ہے کہ کوئی صاحب کھڑے ہوکر کسی وقت بھی ایک point of order raise کرتے ہیں ۔ اسی لئے یہ تجویز دی تھی کہ کوئی ایسا طریقہ ہونا چاہیئے کہ تحریری سلسلہ ہو تو اس کا جواب نوٹس کے بعد صحیح طور پر دیا جا سکتا ہے ۔ لیکن اب ساری کابینہ کو کوئی پتہ نہیں ہوتا کہ کسی وقت کوئی اٹھ کر point of order raise کر سکتا ہے ----

*(interruption)*

**Mian Raza Rabbani**: Sir, in the House of Commons the Prime Minister is there for 45 minutes once a week. There are no written questions which

are sent to the Prime Minister. Any member can ask any question under the sun.

جناب چیئرمین : نہیں، نہیں، ہوتا ہے ۔ اس کی ایک خاص فارم ہے لیکن ہوتا ہے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, he doesn't have prior notice.

Mr. Chairman: There is no parliament in the world.

جہاں بغیر نوٹس کے ہو۔

Mian Raza Rabbani: Sir, he has no prior notice.

Mr. Chairman: He has notice. He may not know precisely that what is the question but it is on the agenda

کہ آج وزیر اعظم سے یہ سوال پوچھا جائے گا، وہ جنرل سوال ہوتا ہے اور اس کا ایک جنرل جواب ہوتا ہے ۔ In fact normally the question to the prime minister, will the Prime Minister indicate his activities on Friday so and so?

جی میں نے یہ کیا ، یہ کیا۔ پھر سوال آتا ہے ۔ اس میں آپ دیکھیں رضا صاحب۔ So, he says that even if آپ بھی اس کو محسوس کریں گے I know you have been Law Minister the minister is present today, supposing آپ ایک ایسا سوال raise کرتے ہیں جس کے لئے اس کو کوئی factual جواب منگوانا پڑتا ہے، تو کیا کریں گے۔

I think therefore, we need to sit down again to discuss it. Major Mukhtar.

*(Interruption)*

جناب محمد زاہد خان : جناب والا! میرے سوال کا کیا بنا۔

جناب چیئرمین : میں نے انہیں کہا کہ کل انفارمیشن منسٹر صاحب کو بلائیں ۔ راجہ صاحب! منسٹر صاحب یا پرویز رشید صاحب کو بلائیں تاکہ وہ ان کے سوال کا جواب دے سکیں۔

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Sir, Minister of Information is in Karachi today. I will try to contact him.

اگر کل نہیں ہو سکا تو پرسوں سہی۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب والا! میری ایک بات سنیں۔

جناب چیئرمین: I have given the floor to Major (Retd.) Mukhtar Sahib. یہ

کس قانون میں ہے کہ میں فلور ان کو دے رہا ہوں اور آپ اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ Please follow some rule دنیا کی کوئی پارلیمنٹ اس طرح نہیں ہے۔ آپ نے بھی کافی دیکھی ہیں، میں نے بھی دیکھی ہیں۔ میجر مختار صاحب۔

Maj. (Retd.) Mukhtar Ahmed: Thank you sir. You won't have any problem with me because the question that pertains to my point of order regards the ministry where the answer you get anyway

کہ میں پوچھ کر بتاؤں گا and that is the Minister of Interior.

جناب چیئرمین: وہ بھی آج نہیں ہیں۔

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد: جی ہاں پتہ ہے

but anyway it can be conveyed. Sir, there is an item in the daily "NEWS" of 2nd August. It pertains to the fact that, it reads that passengers deprived of lacs of rupees in Ayubia.

اور پھر اس کی details انہوں نے دی ہوئی ہیں کہ

in day light between 1.30 and 2.30 a robbery took place on the road Ayubia Khanspur, passengers were stopped. They were looted and the money was taken away. Now, this happens to be, why I have taken this is because this happens to be the constituency of the Chief Minister Sardar Mahtab Sahib.

اور اس کا ایک تھوڑا سا background ہے It is not that he did it but بات اس طرح سے ہے

کہ عمومی طور جناب والا! if you see the law and order situation in the country,

آپ اخبارات دیکھ لیں، وزیر اعظم صاحب ہیں اور کیا حال ہے ہمارا' بٹوارے میں پنجاب شہباز شریف صاحب کو گیا' وہاں کے امن و امان کی حالت آپ کو معلوم ہے ---

sectarian violence and so many thefts, car lifting day by day--

اس کا حال تو اسی طرح خراب ہے ۔ پھر جناب! وزارت داخلہ چوہدری شجاعت صاحب کو دی ۔ اس کا ضلع جو ہے --

that is the most crime ridden district in Pakistan. Its surrounding districts Sheikhupura, Faisalabad, Gujranwala, all these follow.....

**Mr. Chairman:** On a point of order you expect the Minister to answer the question of Faisalabad, Gujrat, Ayubia, Nathia Gali.

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد خان: جناب، میں اس پر آ رہا ہوں۔ آپ رجسٹرڈ تو کریں۔

جہاں تک چیف منسٹر صاحب کا تعلق ہے۔ Sir, why don't you let me say..

**Mr. Chairman:** Say, say.

**Maj. (Retd.) Mukhtar Ahmed Khan:** O.K. Sir, then listen and the point is that as for as this is concerned sir.

جناب چیئرمین! آپ اس علاقے سے خوب واقف ہیں کہ یہاں پر کبھی چوریاں اور ڈکیتیاں نہیں ہوئی ہیں۔ یہاں پر گھر ایسے پڑے رہتے ہیں۔ Nobody come. Things are laying about, nobody picks them up. These are very peaceful areas. جناب! پچھلے سال خیرا گلی کے مقام پر سڑک میں پتھر رکھے۔ there was a couple fromMultan. They were looted. اس کے بعد جناب

there was a local contractor. He was stopped, as he stopped, he was fired upon. There was house broken in another cantonment out there.

یہ ساری باتیں جب ہوئیں۔

I happened to be there. The residents got very very confused. They asked me to talk with some one. I twice rang up the IG Police. I went to him and talked to him personally about this and I told him, Look! I have resided over there nothing serious like this was observed in that period, now what is happening.

اور اس بات کو آپ correct کریں۔ اور interesting is that وہ ملتان والا couple جو تھا they
started writing to the police and to the Chief Minister etc. ۱۵ دن کے بعد ان کے
documents پیسوں کے علاوہ ان کو واپس ہو گئے۔ پیسے جو واپس نہیں ہوئے تو اس کا کیا
implication ہے؟ Was it the police or was it a local اب تو یہ بات ہے۔ دوسری دفعہ
couple آیا اور اسے چانگہ گلی میں روکا گیا۔

He was asked to prove whether the lady sitting with him is his wife or is not and one lac of rupees were taken from him. Jewellery was taken from him. Later on, of course, he was suspended. But this did take place.

میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ نے نذیر ناجی کے بارے میں رولنگ نہیں دی
لیکن حکومت کا موقف تو ہم نے سنا ہے۔ اس نے کہا ہے کہ

Nazir Naji is drawing pay from the Government. If he can speak out, then why can't the IGP be called in press conference and say what are his problems. Are they political, has he any administration problem?

اس مسئلے کو کیسے حل کریں گے۔ Why can't he comment, speak out ایسے لوگوں کو انہوں
نے وہاں پر post کیا ہوا ہے کہ یہ علاقہ دن بدن خراب ہوتا جا رہا ہے۔ beside that the
Governmen take up this case and ask him to come over if he can't say it at press
conference کہ بتائیں کہ کس طرح سے اس کو تکلیف ہے؟ آیا اس اہم علاقے میں نااہل
لوگوں کو post کیا ہوا ہے۔ یا اس کی اور کچھ وجوہات ہیں؟

**جناب چیئرمین** : چلیں جی۔ بات ہو گئی ہے۔ ٹائم بہت کم رہ گیا ہے۔ آدھا گھنٹہ
تو ہو گیا ہے۔ باقی ایجنڈے پر کام نہیں کرنا ہے۔ نہیں، Interior Minister تو ہے نہیں۔

**میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد خان**: خیر ہے، وٹو صاحب ہمیں بتا دیں۔

**جناب چیئرمین** : نہیں، اب کیا کرنا ہے۔ وٹو صاحب! please look into this
matter یہ جو بات انہوں نے کی ہے کہ ایوبیہ میں کوئی robbery ہوئی ہے۔ اس کو دیکھ لیں۔
منڈ صاحب! یہ ایک صوبائی مسئلہ ہے۔

**Mr. Bashir Ahmed Matta:** But the province is controlled by their men.

**Mr. Chairman:** But it does not mean that all the provincial matters should now be discussed. Just we call it, it is being controlled by Sardar Mahtab.

کیا ان کے سارے مسائل یہاں discuss ہوں گے۔

**جناب بشیر احمد مٹہ:** جناب آپ دیکھیں۔ اگر اصلاح احوال کے لئے کوئی بات ہو جائے تو کیا حرج ہے۔

**جناب چیئرمین:** چلیں مولانا صاحب کی بات سن لیتے ہیں۔مولانا فضل محمد صاحب۔

RE: ALLOCATION OF DEVELOPMENT FUNDS.

**حافظ فضل محمد:** جناب چیئرمین شکریہ۔ میں انتہائی مختصر طور پر جناب یسین وٹو صاحب سے اور راجہ صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ گزشتہ سال ہمارے وزراء صاحبان نے یہاں پہ ایک خوشخبری سنائی تھی کہ ہم ممبران کے لئے تعمیروطن پروگرام سے فنڈز دیں گے۔ پھر ہم اپنے علاقوں میں گئے اور ہم نے وہاں سے سکیمیں بنوا دیں۔ وہاں اعلانات کئےمگر کوئی بھی کام آج تک نہیں ہوا۔ اب لوگ روز روز ہمارے گھروں پر آتے ہیں، ٹیلیفون کرتے ہیں بلکہ اب تو وہاں مقامی طور پر جھگڑے بھی شروع ہو گئے ہیں کہ ممبر نے پیسے کھا لئے ہیں۔ دوسرا کہتا ہے کہ نہیں کھائے ہیں۔ اس طرح یہ اعلان ہماری بھی بدنامی کا سبب اور باعث بنا ہے۔ وہاں کے لوگوں کے لئے ایک بد دلی کی بات ہے یعنی حقیقت یہ ہے کہ اب ہم کسی سے مل نہیں سکتے ۔ پھر انہوں نے کہا کہ ہم اس سال کوشش کریں گے۔ اب فلور پر یہ فرمائیں اور پھر funds نہ دیں، حقیقت ہے ہم زیادہ شور بھی نہیں مچاتے لیکن پوری دنیا کو تو پتہ ہوتا ، ہمارے حلقوں کو بھی پتہ ہوتا، عوام کو بھی پتہ ہوتا کہ ان کو نہیں دے رہے، نہیں مل رہے تو وہ ہم سے مطالبے بھی نہیں کرتے۔ لیکن جب انہوں نے اعلانات کئے تو لوگ ہمارے پاس آئے، ہم نے سکیمیں دیں، وہاں گئے، اعلانات کئے، لوگوں نے خوشیاں منائیں، پھر انہوں نےfunds دیئے نہیں اور اب ہمارے لئے مشکل بنا دی۔

اب یہ صاف واضح اعلان کر دیں کہ ہم دیں گے کہ نہیں دیں گے۔ اگر نہیں دیں گے تو پھر بھی ہماری جان تو چھوٹ جائے گی اور ہم دنیا کو بتا دیں گے کہ وہ نہیں دے رہے۔ اگر وہ دیں گے تو پھر صحیح بتا دیں۔ یہ نہ ہو کہ پھر حشر اس طرح ہو جیسے کہ پچھلے سال ہوا تھا۔

**جناب چیئرمین:** جی وزیر صاحب۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو:** اس سلسلے میں بڑی تفصیل سے پہلے خدائے نور صاحب نے بھی point اٹھایا تھا لیکن ابھی تک متعلقہ وزیر بیرونی ملک گئے ہوئے ہیں۔ وہ جونہی آئیں گے ، اس کمیٹی کے مخدوم احمدمحمود چیئرمین ہیں، جو اس سارے معاملے کو ڈیل کر رہی ہے اور وہ حتی الوسع کوشش کر رہے ہیں کہ جہاں بھی ایسی کوئی complaint ہو اس کو دور کیا جائے لیکن پوری تفصیل وہ خود آ کر بتائیں گے۔ جونہی وہ پہنچیں گے انشاء اللہ یہ ساری تفصیل بتا دیں گے۔

**جناب چیئرمین:** اب میرا خیال ہے کہ we proceed with the agenda. جالب صاحب! آپ ہی کا adjournment motion ہے ۔ اب آپ اس پر آئیں۔ اب بہت ہو گیا۔ اب جالب صاحب ایجنڈے کی طرف چلیں۔

**سید تاج حیدر:** پوائنٹ آف آرڈر جناب۔

**جناب چیئرمین:** اب آدھا گھنٹہ ہو گیا جو ہم نے طے کیا ہوا ہے۔ اب اس سے بھی آگے جائیں گے تو گھنٹہ ہو جائے گا ، پھر کچھ نہیں ہوگا۔ چلیں کل کر لیں گے۔ We will have it tomorrow also. جی جالب صاحب آپ اپنے adjournment motion پر آئیں۔ اس کے بعد آپ کا پوائنٹ لے لیں گے۔ ان کا (حاجی عبدالرحمٰن صاحب) کا فائل منگوا لیں۔ جالب صاحب فرمائیے۔

**Mr. Habib Jalib Baloch:** Thank you, Mr. Chairman, I read the adjournment motion.

اس کے بعد میں چاہوں گا کہ اس پر کچھ بحث ہو۔

## ADJOURNMENT MOTION RE: THE SIEGE OF SHAHI MAHAL OF KALAT BY F.C.

I move that the normal business of the House be suspended to discuss a matter of urgent public importance. The siege of Shahi Mahal of Kalat by the FC and other forces in Kalat District.

As the above matter is of great public importance, I move that the normal business of the House be suspended and the above matter be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: Opposed.

Mr. Chairman: It is being opposed.

فرمائیے جالب صاحب۔

**جناب حبیب جالب بلوچ** جناب چیئرمین! پہلی بات یہ ہے کہ under Constitution کچھ norms and regulations موجود ہیں جس میں حتی الوسع بلکہ federation کی main spirit بھی یہی ہے کہ provincial matters میں federation کی مداخلت کم از کم ہوتی ہے۔ لیکن دیکھنے میں یہ آیا ہے اور history بھی بتاتی ہے' اس سے قبل بھی بلوچستان کے اندر ۱۹۷۳ میں فیڈرل گونمنٹ کی جانب سے مداخلت کی گئی اور بغیر وہاں کے Chief Minister اور Governor کی demand کے ایسی forces بھیجی گئیں جس سے صورت حال بگڑی۔ جناب چیئرمین! F.C.(Frontier Corps) جیسا کہ اس کا نام فرنٹیئر کور رکھا گیا ہے اور اس کے اندر بلوچستان کے لوگوں کو شامل تک نہیں کیا گیا ہے اور یہ فرنٹیئر کور جو ہے basically اگر اس کو سرحدی کور کہیں تو بھی سرحدات کے تحفظ کے لئے ہوتی ہے لیکن بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ قلات کے اندر نہ ہی کوئی law and order situation پیدا ہوئی اور نہ ہی ایسی کوئی صورت حال پیدا ہوئی جس سے فیڈریشن یا even Provincial Government کے خلاف کوئی بغاوت کی سی صورت حال موجود تھی۔ لیکن مجھے حیرت اس بات پر ہوتی ہے کہ وہاں local

موجود ہیں، پولیس موجود ہے، دیگر فورسز موجود ہیں لیکن FC کو شاہی محل قلات کی forces کے لئے کیوں بھیجا گیا۔ یہ بہت اہم سوال ہے۔ جبکہ جناب چیئرمین! آپ کو علم ہے کہ siege شاہی محل آف قلات سے لوگوں کا جذباتی لگاؤ ہے۔1410ء سے لے کر مارچ 1948ء تک شاہی محل قلات وہ جگہ رہی ہے جہاں سے پورے بلوچستان کو، جس کے کہ بعد میں حصے بخرے کئے گئے اور کچھ ایران افغانستان کو دیئے گئے اور کچھ حصے اس کے پنجاب میں بھی ملائے گئے اور دیگر صوبوں میں بھی ملائے گئے۔۔۔

**جناب چیئرمین:** نہیں، اس پر تو کوئی dispute نہیں ہے۔ اب جو معاملہ ہوا ہے اس پر آئیں تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔

**جناب حبیب جالب بلوچ:** میں اس پر آرہا ہوں۔ جناب چیئرمین! اس کا historical back ground ہے تو شاہی محل آف قلات وہ جگہ ہے جہاں صرف اس بندے کو داخل ہونے کی اجازت دی جاتی ہے جسے tribal rules یا بلوچوں کے اپنے traditional democratic rules میں خان آف قلات elect کیا جاتا ہے، صرف اسی کی فیملی کو شاہی محل میں داخلے کی اجازت ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ بھائی، بھتیجے اور دوسرے تیسرے شاہی محل میں نہیں جا سکتے۔ لیکن مجھے حیرانی اس بات پر ہوتی ہے کہ FC کی جانب سے شاہی محل کے siege کے معنی کیا ہیں۔ کیا اس سے یہ تاثر تو نہیں لیا جا رہا ہے کہ بلوچ عوام کا جو تاریخی لگاؤ ہے اس کے حوالے سے لوگوں کو مجبور کیا جائے کہ وہ بھی تیاری کر لیں اور FC کے خلاف کوئی ایکشن لے لیں یا کوئی بغاوت کی صورتحال پیدا ہو کیونکہ ایسی صورتحال میں آخر FC کو لانے کی وجہ کیا ہے۔ صوبے کے مختلف ضلعوں میں بلدیاتی انتخابات ہوئے اور مختلف ایسے چھوٹے موٹے واقعات ہوئے۔۔۔

**جناب چیئرمین:** تو آپ کا بنیادی اعتراض یہ ہے کہ بغیر کسی وجہ کے FC کو وہاں لایا گیا اور اس کے تقدس کو مجروح کیا گیا۔

**جناب حبیب جالب بلوچ:** بار بار ہمیں یقین دہانی کروائی گئی اور کہا گیا کہ ہم نے FC کو معطل کر دیا ہے لیکن ابھی تک قلات کے siege کے معنی کیا ہیں۔ اس سے ہم کیا تاثر لیں گے۔

**جناب چیئرمین:** جناب یسین وٹو صاحب۔

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: The report I received from the provincial government is like this. On 23rd July, 1999, at about 12.45 hours when the elections for Chairman District Council Qalat, were being conducted, one of the candidates for the post of Chairman, Prince Muhammad Umer Jan Ahmed Zai alongwith one Ali Haider Muhammad Hassani, entered the office of the Deputy Commissioner, Qalat. Prince Muhammad Umer asked the Deputy Commissioner to stop the elections. He also slapped the Deputy Commissioner and started firing on the Deputy Commissioner. Case has been registered and Police is investigating. "Naka Bandi" of the town and District has been made for apprehension of the accused. Qalat Scouts have been requisitioned to augment Police and levy forces. The Superintendent Police, Qalat and the SHO of concerned Police Station have been suspended on account of the negligence of their duties and Additional Home Secretary has been appointed to conduct inquiry in to this incident. The Provincial Government has also confirmed that no siege of the "Mehal" of Qalat, Khan of Qalat took place. The latest position is now

کہ محل کو جانے والی بڑی شاہراہ پر levy اور پولیس والے دستے تعینات ہیں' محل کے ارد گرد کہیں ناکہ بندی نہیں ہے یا پولیس تعینات نہیں ہے۔ جن پولیس افسروں کو معطل کیا گیا تھا ان کے خلاف انکوائری رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو ضروری کارروائی کے لئے بھیج دی گئی ہے۔ تو جناب والا! آپ نوٹ فرمائیں گے کہ قانون کے مطابق ایکشن لیا گیا ہے - یہ کسی لحاظ سے adjournment motion نہیں بنتی - Basically responsibility صوبائی ہے ' معاملہ subjudice ہے۔

جناب چیئرمین : اس وقت صورتحال یہ ہے کہ مقدمہ درج ہو چکا ہے ' investigation ہو گی تو بات پتہ چل جائے گی۔

جناب حبیب جالب بلوچ : جناب چیئرمین ! انہوں نے جو کچھ بھی پڑھ کر سنایا

ہے مگر میں شاہی محل قلات کی بات کر رہا ہوں۔ میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ کوئی FIR درج ہوئی ہے اور پولیس اپنی کارروائی نہیں کر رہی ہے۔

**جناب چیئرمین**: نہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ کوئی محاصرہ نہیں ہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ**: اسی پہ میں کہہ رہا ہوں جناب چیئرمین! قلات ایک چھوٹی سی جگہ ہے، اس میں شاہی محل کا ایک ہی راستہ ہے اور وہ پورا راستہ جہاں سے شروع ہوتا ہے اور جہاں end ہوتا ہے، وہ شاہی محل کا area ہے، انہوں نے اس کو گھیرے میں لے رکھا ہے۔

**جناب چیئرمین**: منسٹر صاحب کا بیان یہ ہے کہ محل گھیرے میں نہیں ہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ**، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ بیان درست نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین**، دیکھیں! پارلیمانی روایت یہ ہے کہ منسٹر کے بیان کو درست سمجھا جاتا ہے for purpose of Adjournment Motion. جب وہ بیان دیتے ہیں تو اس کو درست سمجھا جاتا ہے لیکن اس کے باوجود اگر آپ یہ کہتے ہیں تو ٹھیک ہے۔

**جناب حبیب جالب بلوچ**: میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے یہ کہا کہ وہ راستہ جو شاہی محل قلات کی طرف جاتا ہے صرف اس پہ ہم نے تعینات کئے ہیں۔ لیکن میں ان کی اصلاح کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں سے یہ راستہ شروع ہوتا ہے اور جہاں end ہوتا ہے، میر قلات کی پہلی دیوار وہاں سے شروع ہوتی ہے جہاں سے ان کا یہ راستہ شروع ہوتا ہے اور جہاں end ہوتا ہے۔۔۔

**جناب چیئرمین**، لیکن بنیادی چیز یہ ہے جالب صاحب! کہ matter is under investigation.

**جناب حبیب جالب بلوچ**: جناب! ایف سی کی جانب سے محاصرہ ہے ۔ ہم کہتے ہیں کہ شاہی محل قلات کا محاصرہ چھوڑ دیں، باقی کوئی اور کرنا ہے تو کریں۔

**جناب چیئرمین**، دیکھیں جالب صاحب! جس وقت مقدمہ درج ہو جائے، investigation ہو جائے تو Adjournment Motion competent نہیں ہوتا ۔ جب

investigation ہو جائے گی پھر دیکھیں گے۔ This is not competent in view of the FIR.

جناب عبدالرحمٰن صاحب! آپ کا کیا مسئلہ ہے۔

**حاجی عبدالرحمٰن:** جناب! تحریک استحقاق پہلے آتی ہے لیکن ایسا نہیں ہوا۔

**جناب چیئرمین:** جی فرمائیے کیا ہے۔

**حاجی عبدالرحمٰن:** میں ایک تحریک استحقاق پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک واقعہ ہوا ہے سینٹ کے باہر جس سے میرا اور اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے ۔ جناب والا! روزنامہ "نوائے وقت" اور دیگر کئی اخباروں بتاریخ 7 اگست 1999 میں یہ خبر شائع ہوئی کہ کچھ خواتین نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر مظاہرہ کیا اور اس مظاہرے میں "سینٹ مردہ باد" اور "ہائے ہائے" کے نعرے لگائے سینٹ کے متعلق ۔ خبر میں یہ بتایا گیا ہے کہ عاصمہ جہانگیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سینٹ کے اراکین نے منافقت کی انتہاء کر دی ہے اور سمیعہ عمران کے قتل سے متعلقہ قرار داد کی مخالفت کرکے اراکین سینٹ نے منافقت کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ اجمل خٹک اور چیئرمین سینٹ وسیم سجاد نے آئین میں خواتین کو مردوں کے برابر حقوق نہ دلوا کر جو آئین سے انحراف کیا ہے وہ دراصل غداری کے مترادف ہے ۔ جناب والا! سینٹ کے اراکین، سینٹ میں اپنی رائے کے اظہار میں آزاد ہیں ۔ انہیں اس حق سے روکنا یا ان پر الزامات لگانا ان کے استحقاق کے خلاف ہے۔ لہذا، اس واقعہ سے میرا اور پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ گزارش ہے کہ میری اس تحریک کو منظور فرما کر استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** راجہ صاحب! آپ کیا کہنا چاہتے ہیں اس پر۔

**راجہ محمد ظفرالحق:** جناب چیئرمین! اس ایشو پر کافی لے دے ہوئی ہے اور unfortunately جو message گیا ہے وہ ٹھیک نہیں ہے۔ میں اس دن ایوان میں موجود نہیں تھا اور میری خواہش بھی تھی---

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** آپ بھی تو چلے گئے تھے زاہد خان صاحب۔ I noted you were leaving. میں نے منٹ صاحب کو کہا تھا کہ ان کو بلائیں، بڑی ضروری بات ہے ۔ آپ خاموشی سے نکل گئے تھے ۔ چلیں، راجہ صاحب کی بات سنیں، بعد میں دیکھیں گے ۔

راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! سینیٹر حسین شاہ راشدی صاحب کا کوئی مسئلہ تھا اور مغرب کی نماز کے وقفے کے دوران میں اور وہ اکٹھے میرے چیمبر میں گئے۔ انہوں نے کسی کو ٹیلیفون کروانا تھا تو میں وہاں ٹیلیفون کرتا رہا۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ یہاں تشریف لے آئے۔ جو resolution تھی اس میں تین چیزیں اکٹھی ہو گئی تھیں۔ پہلی چیز تو یہ تھی کہ جو واقعہ لاہور میں ہوا' اس کے بارے میں resolution تھا' دوسرا protection of NGOs کے بارے میں تھا جو Human Rights کی Organisations ہیں اور تیسرا مسئلہ honour killings کا تھا جو honour killings کی بارے میں ہے۔ اقبال حیدر صاحب یہاں موجود ہیں' وہ میں نے خود اضافہ کیا تھا اس resolution میں کہ Government should take further steps which include legislative and administrative measures جن کے ذریعے اس trend کو ختم کیا جاسکے۔ یہ میں نے اپنے ہاتھ سے اس میں اضافہ کیا تھا۔ اس سلسلے میں وہ صبح ایوان میں تشریف لائے تو میں نے انہیں کہا کہ ان تینوں چیزوں کے ہوتے ہوئے کچھ تھوڑی سی--- جیسے آپ کہہ رہے ہیں کہ سارے اس میں راضی ہیں' ایسا معاملہ ہے کہ ہاؤس کو ساتھ لے کر چلنا ہو گا۔ اور جب یہ confusion پیدا ہوئی تو پھر اجمل خٹک صاحب نے یہ کہا کہ اس پر موجودہ صورت میں بحث نہ کی جائے۔ نہ اس ریزولیوشن کے حق میں کوئی بات کسی نے کی' مخالف کی ہو گی لیکن اس کے حق میں یا مخالفت میں اس طرح کی رائے ایوان کی طرف سے نہیں آئی' صرف یہ کہا گیا کہ اس ایشو کو نہ چھیڑا جائے۔ لہذا یہ کوئی ایسا معاملہ نہیں ہے کیونکہ تین معاملے تھے جن میں سے ایک معاملہ بالخصوص murder والا subjudice تھا' عدالت کے اندر تھا۔ لہذا' اس کے بعد جو اس کا reaction ہوا' وہ ان کا حق ہے کہ کوئی آدمی سینٹ کی کسی چیز کو پسند کرے یا نہ کرے لیکن اس میں بھی زبان ذرا سخت استعمال کی گئی ہے اجمل خٹک صاحب کے بارے میں' آپ کے بارے میں' سینٹ کے بارے میں لیکن پھر بھی میں سمجھتا ہوں کہ سینٹ کو اتنا فراخ دل ہونا چاہیے کہ اگر کوئی ان کے بارے میں ایسی بات کہے تو اس کو زیادہ محسوس نہیں کرنا چاہیے لیکن یہ حدود ضرور رکھنی چاہئیں ہمیں خود بھی اور جو باہر ہیں ان کو بھی۔ یہ صورت قطعاً نہیں تھی کہ کسی نے honour killing کی کوئی حمایت کی ہو یا یہ کہا ہو کہ ضرور ہونا چاہیے یا خواتین کو حقوق نہیں ملنے چاہئیں لیکن اس سلسلے میں سینیٹر عبدالرحمٰن سے گزارش کروں گا---

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میں بھی اس کا mover ہوں۔

راجہ محمد ظفر الحق : باقی mover بھی بات کر لیں۔

جناب چیئرمین: Mover تو صرف عبدالرحمن صاحب ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : میرے پاس privilege motion ہے، میں اسی پر چلوں گا۔ دیکھیں! یہ میرے پاس original پڑا ہوا ہے، اس پر کوئی اور دستخط نہیں ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: بلیدی صاحب! یہ پورے ہاؤس کی بات نہیں ہے۔ میرے پاس privilege motion ہے، اس کو سن کر میں نے فیصلہ کرنا ہے۔ حاجی صاحب! آپ نے یہ بات کی ہے۔

حاجی عبدالرحمن: آپ حافظ صاحب کو ٹائم دے دیں، اس کے بعد میں کر لوں گا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: یہ تو ان کے behalf پر بول رہے ہیں، then I decide the matter.

اگر وہ behalf پر نہیں ہیں تو پھر کسی کو اجازت نہیں دوں گا۔ حاجی صاحب! ہاؤس کی رائے یہ ہے کہ صرف آپ ہی بولیں گے اور کوئی نہیں بولے گا۔

(مداخلت)

میاں رضا ربانی : جناب چیئرمین صاحب! جب آپ ایک motion کو decide کریں تو آپ اس بات کو بھی یاد رکھیں کہ جب یہاں سینٹ اور نیشنل اسمبلی کی بلڈنگ کے سامنے پندرھویں ترمیم کے حق میں لوگ کلاشنکوفوں کے ساتھ آئے اور سینٹ اور سینیٹرز کو پرائم منسٹر نے threat کیا تھا۔ آپ نے اس موشن کو entertain نہیں کیا تھا۔

Mr Chairman. I will keep it in mind.

حاجی صاحب! فرمائیے privilege motion کیسے بنتا ہے۔ آپ کی سینٹ میں جو بات چیت

ہوئی کچھ لوگوں نے اس پر criticise کیا۔

**حاجی عبدالرحمٰن**: جناب چیئرمین صاحب! یہ جو معاملہ انہوں نے سینٹ میں اٹھایا تھا یہ privilege motion ایک murder کا تھا جو لاہور میں ہوا تھا۔ واقعہ اصل میں ایک بچی کا تھا۔ یہ ہے کہ یہ سینٹ کا کام ہے، قانون ساز ادارے کا ہے یا قانون کی implementation کا ہے۔ ایک ایسی چیز پر، جیسے ہم نے اس وقت quote کیا، جو عدالت میں ہو اور عدالت میں وہ کیس دونوں جانب سے چل رہا ہو، آیا سینٹ اس میں کوئی مداخلت کر سکتا ہے۔ آپ نے اس کو کیوں rule out کیا ہے اور آپ نے اس کو منظور کیوں نہیں کیا؟ اس کی basic وجہ آپ نے یہی بتائی ہے کہ یہ کیس عدالت میں ہے اور عدالت میں جو معاملہ پیش ہو، اس پر یہاں بحث نہیں ہو سکتی ہے۔ اب یہ کیس بھی عدالت میں ہے۔ یہاں جو motion پیش کیا گیا ہے وہ اس لئے پیش کیا گیا ہے کہ عدالت کو pressurise کیا جائے۔ تو اس لحاظ سے آپ نے اس کو یہاں سے out کیا۔ باقی ان لوگوں کا کیا حق ہے کہ باہر کے عوام کو تمام سینیٹرز اور سینٹ کے خلاف باہر لا کر مختلف قسم کے نعرے لگوا کر pressurise کریں۔ اس کی کارکردگی میں مداخلت کریں۔ ان کا کیا حق بنتا ہے۔

**جناب چیئرمین**۔ ٹھیک۔

**حاجی عبدالرحمٰن**: سینٹ ایک آزاد ادارہ ہے، یہاں پر ہم کیا ہر قسم کی بات کر سکتے ہیں یا نہیں کر سکتے ہیں۔

**جناب چیئرمین**: وہ تو آپ کر سکتے ہیں۔ لیکن کیا دوسرے کو حق نہیں ہے کہ آپ نے جو بات کی ہے، اس پر تنقید کرے کہ آپ نے ٹھیک نہیں کیا ہے۔

**حاجی عبدالرحمٰن**: یہ حق سینٹ کے اندر ہے۔ سینٹ کے اندر سینیٹرز کو حق ہے کہ وہ تنقید کریں۔

**جناب چیئرمین**: دیکھیں، جس طرح آپ کو حق ہے آزادی رائے کا، اسی طرح دوسرے لوگوں کو حق ہے۔ آپ ایک بات کرتے ہیں تو کوئی دوسرا کہہ سکتا ہے کہ آپ نے یہ ٹھیک نہیں کہا ہے۔

حاجی عبدالرحمٰن: آپ ہی جو کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: مجھ پر بھی criticism ہوتا ہے لیکن میں accept کرتا ہوں۔ مجھ پر کوئی تنقید کرتا ہے تو میں accept کرتا ہوں۔

حاجی عبدالرحمٰن: میں اس کو accept نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین: مجھ پر کوئی تنقید کرتا ہے تو میں اسے accept کرتا ہوں۔

حاجی عبدالرحمٰن: میں اسے accept نہیں کرتا۔ ہم اس کو کیوں accept کریں کیونکہ ہم نے کوئی غلط کام نہیں کیا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ ایک جمہوری ادارہ ہے۔ جس طرح میں اپنے لئے آزادی اظہار رائے کا حق مانگتا ہوں اس طرح میں دوسرے کو بھی یہ حق دیتا ہوں۔

حاجی عبدالرحمٰن: انہوں نے ہمیں منافق اور غدار کہا ہے اور پیسوں کی بھی بات کی ہے۔ ایسا کیوں کہا ہے۔ ہمیں بتائیں کہ ہم نے کیا منافقت کی ہے۔ سینٹ نے کیا منافقت کی ہے۔

جناب چیئرمین: privilege تب بنتا ہے جب آپ کے کام میں کوئی رکاوٹ ہو کہ آپ کے کام میں کوئی ایسی رکاوٹ ڈالی ہے جس سے آپ کو کام کرنے سے روکا گیا ہے۔ لیکن اگر کوئی تنقید کرتا ہے، مجھ پر کوئی تنقید کرتا ہے تو اسے کرنے دیں۔

حاجی عبدالرحمٰن: ان کو تنقید کرنے کا کیا حق ہے۔

جناب چیئرمین: یہ جمہوریت کا حسن ہے۔

حاجی عبدالرحمٰن: انہیں ہمیں گالیاں دینے کا کیا حق بنتا ہے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، آپ ایک بات کرتے ہیں لیکن اس کا الٹ مطلب لیا جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں ٹھیک ہوں اور آپ کہتے ہیں کہ میں ٹھیک ہوں۔

حاجی عبدالرحمٰن: انہیں ہمیں منافق کہنے کا کیا حق ہے۔

جناب چیئرمین: یہ جمہوریت کا حسن ہے۔

حاجی عبدالرحمن: ان کا ہم پر تنقید کرنے کا کیا حق بنتا ہے۔

جناب چیئرمین: جس طرح آپ کا حق ہے اسی طرح ان کا حق ہے۔

(اس موقع پر نماز مغرب کی اذان سنائی دی)

Mr. Chairman: O.K., It is adjourned for fifteen minutes.

[اس موقع پر پندرہ منٹ کے لئے اجلاس نماز مغرب کے لئے ملتوی کر دیا گیا]

(وقفہ نماز مغرب کے بعد اجلاس کی کارروائی زیر صدارت جناب چیئرمین (جناب وسیم سجاد) دوبارہ شروع ہوئی)

جناب چیئرمین: نماز ہو گئی ہے تو بلائیں وٹو صاحب اور راجہ صاحب کو۔ حاجی عبدالرحمن صاحب کدھر گئے۔

سید اقبال حیدر: جناب چیئرمین! آج خاص طور پر education پر بہت اہم Resolutions ہیں۔ عالی صاحب کا بھی ہے، میرا بھی ہے۔ جالب صاحب کا بھی ہے۔

جناب چیئرمین: حاجی عبدالرحمن صاحب کدھر ہیں؟

سید اقبال حیدر: انہوں نے بات تو اپنی پوری کر لی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، وہ وضاحت کریں گے کہ کیسے استحقاق بنتا ہے۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ criticise ہوا ہے۔ وہ تو صحیح ہے لیکن سوال یہ ہے کہ استحقاق کیسے بنتا ہے۔ Criticism تو جمہوریت میں ہوتا رہتا ہے۔ چلیں آپ رپورٹیں present کر دیں۔

## MOTION UNDER RULE 171.

## RE: THE PRONOUNCEMENT OF JUDGEMENTS ANDLAW REPORTS BILL,1998

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, I beg to move that under sub-rule(1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate,1988, the delay in the presentation of the report of the Standing Committee

sub-rule(1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate,1988, the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill to provide for pronouncement of judgement by the courts of law and their publication [The Pronouncement of Judgements and Law Reports Bill, 1998] be condoned till today.

*(The motion was carried).*

Mr.Chairman : Item No.3. Yes.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder : Sir, I have the privilege to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for pronouncement of Judgements by the Courts of law and their publication [The pronouncement of Judgements and Law Reports Bill, 1998].

Mr. Chairman: Report stands presented.

جناب چیئرمین، اور کچھ نہیں ہے۔

MOTION UNDER RULE 171.

**RE: THE WEST PAKISTAN FAMILY COURTS(AMENDMENT) BILL, 1999**

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir. I beg to move that under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to amend the West Pakistan Family Courts Act, 1964 { The West Pakistan Family Courts (Amendment) Bill, 1999], be condoned till today.

*(The Motion was carried)*

Mr. Chairman: Delay stands condoned.

**Ch. Muhammad Anwar Bhinder:** Sir, I present the report of the Standing Committee on the Bill to amend the West Pakistan Family Courts Act, 1964 { The West Pakistan Family Courts (Amendment) Bill, 1999].

**Mr. Chairman:** Report stand presented.

حاجی صاحب! آپ فرمائیے۔آپ بحث کر رہے تھے کہ یہ استحقاق کیسے بنتا ہے۔

**حاجی عبدالرحمٰن۔** جناب میں راجہ صاحب کے اور آپ کے کہنے پر اس پر کوئی زور نہیں دینا چاہتا۔

**جناب چیئرمین۔** اچھا! بہت مہربانی جی۔ میرے خیال میں یہ آزادی رائے کے حق کی آج فتح ہے کہ حاجی صاحب نے بھی کہا ہے کہ ہم اس کو کھلے دل سے قبول کرتے ہیں۔ O.K جی so, the privilege stands disposed of. بھنڈر صاحب ! آپ آ جائیں I have to go somewhere.

**چوہدری محمد انور بھنڈر۔** جناب! میں یہ عرض کر لوں کہ item No. 6, 7, 8 اور 9 یہ دو بل ہیں جو میرے تھے۔ میں نے presentation کے لئے کہا' میاں صاحب نے کہا کہ اس کو defer کر دیں۔ اس کے بعد مزید غور کر لیں گے تو مجھے اعتراض نہیں ہے if they are deferred.

**Mr. Chairman:** Deferred. Please,

آپ ذرا take over کر لیں I have to go somewhere. آج کوشش کریں کہ سارا ہو جائے because a lot of important matters are coming up اور کل صبح کریں کہ شام' چلیں جو consensus ہو۔

[اس موقع پر کرسی صدارت جناب پریذائیڈنگ آفیسر (چوہدری محمد انور بھنڈر) نے سنبھالی]

## FURTHER DISCUSSION ON THE MOTION RE: THE REGISTRATION AND FIXATION OF PRICES OF PHARMACEUTICAL PRODUCTS.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Now, we take up item No. 10, dicussion on the motion moved by Syed Iqbal Haider on 17th November, 1997 that this House may discuss the Policy of the of the Government regarding registration of the pharmaceutical products and fixation of its retail prices.

اقبال حیدر صاحب نے اس پر تقریر فرمائی تھی۔ Yes.

**سید اقبال حیدر:** جناب! ایک اور بھی مسئلہ ہے۔ Health Minister صاحب آئے ہوئے تھے۔ مجھے یقین ہے کہ وہ اپنی رائے دینا پسند کریں گے کیونکہ یہ عوام الناس کا مسئلہ ہے۔

**چوہدری محمد انور بھنڈر:** پہلے آپ اپنی opening speech فرمائیے۔

**سید اقبال حیدر:** اس سے بہتر ہے اور ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ Education Policy کا motion discuss ہو۔ جناب! Education Policy پر ایک نہیں کئی motions ہیں۔ میرا آپ کو ایک مشورہ ہے۔

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Let us dispose of item No. 10 first,you please, make opening speech on this and let the Minister reply over this, if there is no further discussion, we will pass on to item No. 11.

**سید اقبال حیدر:** جناب drugs کی registration اور ان کی قیمتوں کا تعین پاکستان میں ایک بہت متنازعہ مسئلہ بنا رہا ہے اور جس طریقہ سے drugs کو register کیا جاتا ہے----

**چوہدری محمد انور بھنڈر:** میاں صاحب! Health Minister صاحب کو بلوائیں۔ Yes, please.

**سید اقبال حیدر:** جناب! جو انداز اور طریقہ کار drugs Act کے تحت drugs کی registration کا اپنایا گیا ہے اس میں بہت سی خامیاں تھیں جن کا اظہار متعدد اخبارات کے اداریوں اور reports میں مسلسل ہوتا آ رہا ہے۔ جس طریقے سے drugs کی قیمتوں کا تعین کیا جاتا ہے اور جو ہوشربا اضافہ اس ملک میں خاص طور پر ادویات کی قیمتوں کے سلسلے میں ہے اس

کی حکومت خود تصدیق کرتی ہے' اجازت دیتی ہے کہ آپ اتنی قیمتیں بڑھا دیں۔ اس سے پاکستان کے عوام پر بہت بھاری بوجھ ہے۔ جناب! یہ دوائیوں کا مسئلہ بڑا سنگین نوعیت کا ہے۔ دوائیوں کی اہمیت اور ضرورت روز بروز اس لئے بڑھتی جا رہی ہے کہ ہمارے پاس کوئی بھی تدابیر نہیں ہیں جن سے امراض اور وباء کے پھیلاؤ کو ہم موثر طریقے سے روک سکیں۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ پاکستان میں بیماریاں تیزی سے بڑھ رہی ہیں' ہر طرح کی بیماریاں۔ ایک عام آدمی کے لئے اپنا علاج کرانا استطاعت سے باہر ہے۔ ایک تو بیمار پڑنا بہت بڑا عذاب ہے' اس سے بڑا عذاب اس کا علاج کرانا ہے۔

جناب! اس سلسلے میں ہم چاہتے ہیں کہ حکومت ایسی پالیسی اپنائے کہ ادویات کی فراہمی' ان کی رجسٹریشن اوراس کے ساتھ ساتھ ان کی قیمتوں کا تعین اس انداز میں ہو کہ وہ عام آدمی کی رسائی میں ہوں اور اس کے لئے ممکن ہو کہ زندہ رہتے ہوئے وہ اپنا علاج کرا سکے ۔ جناب والا! یہ انتہائی سنگین مسئلہ بنا ہوا ہے اس کی دو وجوہات ہیں--

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**: اقبال حیدر صاحب! registration of pharmaceutical products already!provided نہیں ہے پالیسی میں---

**سید اقبال حیدر**: جناب والا! رجسٹریشن تو ہے لیکن میں آپ کو بتاتا ہوں کہ کیا ہو رہا ہے - میں بڑا مشکور ہوں کہ وزیر صحت تشریف لے آئے ہیں - مجھے یقین ہے کہ انہیں بھی اتنی ہی تشویش ہوگی جتنی کہ ہمیں ہے۔ ہو یہ رہا ہے کہ ایک طرف تو اس ملک میں صرف وہ دوائیاں بک سکتی ہیں جو کہ رجسٹرڈ ہوں ' دوسری جانب حکومت نے کھلی چھٹی دے رکھی ہے کہ ہر قسم کی ادویات مختلف ناموں سے بیچی جا رہی ہیں - رجسٹریشن سے متعلق ڈرگ ایکٹ میں خامی ہے - اگر آپ شام کے مختلف اخبارات کا مطالعہ فرمائیں' خاص طور پر میرے شہر کراچی میں تو آدھا آدھا صفحہ مختلف ادویات کے اشتہارات کے بارے میں ہے جو کہ رجسٹرڈ نہیں ہیں۔ یا تو وہ کسی حکیم کی دوائی ہے یا وہ کسی ہومیوپیتھ کی دوائی ہے یا وہ کسی ہربل کی دوائی ہے جس پر کہ رجسٹریشن کا اطلاق نہیں ہوتا اور اس میں عوام کو گمراہ کرنے کے لئے بڑے بڑے دعوے کئے جاتے ہیں -

اس کے کئی پہلو ہیں۔ ایک پہلو یہ ہے کہ لاتعداد ایسی ادویات ہیں جو رجسٹریشن

کے بغیر بک رہی ہیں ، کوئی کہتا ہے کہ یقینی علاج ہر قسم کے امراض کا ۔ کوئی کہتا ہے کہ اس سے آپ کے بال اگنے لگیں گے ، کوئی کہتا ہے کہ اس سے آپ کا موٹاپا کم ہو جائے گا، کوئی کہتا ہے کہ آپ کے السر کا علاج یقینی ہوگا ، کینسر کے علاج کے بارے میں بھی دوائیاں ایک نام نہاد گروہ، میں انہیں فارماسوٹیکل کمپنی بھی نہیں کہوں گا، اس کا نام فارما سوٹیکل کمپنی کی تعریف میں بھی نہیں آتا، وہ لوگ کھلم کھلا بیچ رہے ہیں اور اشتہار دے کر بیچ رہے ہیں اور عوام گمراہ ہو رہے ہیں --

*( interruption)*

Mr. Presiding Officer: Order please. Only the speaker can stand in his seat and none else. Please take your seats.

**سید اقبال حیدر:** ہمیں جو تشویش ہے اس کا ایک پہلو یہ ہے کہ لاتعداد مختلف قسم کی ادویات جو کہ مضر صحت ہیں ، اس کی کوئی تصدیق نہیں کہ آیا اس دوائی کے یہ اثرات واقعی ہوں گے کہ نہیں ۔ اس کی کوئی گارنٹی نہیں ہے لیکن انہیں کھلی چھٹی ہے۔ وہ بیچ رہے ہیں اور جو سادہ لوح عوام ہیں وہ اخبار میں چھپے ہوئے اشتہار کو حقیقت تسلیم کرتے ہوئے خریدتے بھی ہیں ۔ اس کا کچھ نہ کچھ تدارک ہونا چاہیئے ۔ لاتعداد ایسی ادویات ہیں جنہیں بیچا جا رہا ہے جن سے امراض مزید پھیل رہے ہیں اور عوام بے وقوف بن رہے ہیں ۔ ایک تو یہ پہلو ہے۔ دوسرا پہلو یہ ہے کہ چونکہ دوائیاں مہنگی ہیں اور ان کی عوام کو ضرورت بھی ہے اور ملک میں ہو یہ رہا ہے کہ جعلی ادویات کا parallel کاروبار چل رہا ہے ۔ میں نے جو price fixation کی بات کی ہے اس کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ جیسے کہ ایک معروف antibiotics registered قانونی طور پر بک رہی ہے اسی طرح کی پیکنگ میں جعلی ادویات ، لاتعداد کھلم کھلا بیچی جا رہی ہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** ان کی retail prices fix نہیں ہیں ۔

**سید اقبال حیدر:** Retail prices تو یہ registered drugs کی مقرر کرتے ہیں ۔ جعلی ادویات ، substandard ادویات کو چیک نہیں کرتے ۔ ملک کے عوام کا مسئلہ ہے کہ اصل اور genuine drugs کی قیمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ وہ عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہیں بلکہ میں مبالغہ آرائی سے کام نہیں لے رہا ، علاج کرانا زندہ رہنے سے زیادہ مشکل ہے۔ ایک عام آدمی واقعی علاج

نہیں کرا سکتا کیونکہ اس بیچارے کو نفسیاتی طور پر کوئی دوا تو لینی پڑتی ہے تو جو اصل دوا ہے اس کی قیمت اگر 1200 روپے ہے۔تو جعلی دوا اسی نام سے یا اس سے ملتے جلتے نام سے ۶۰۰ روپے میں ملتی ہے۔ تو وہ ۶۰۰ روپے کی دوائی خرید لیتا ہے لیکن اس کا علاج ممکن نہیں ہے۔ ہمارے ملک کا سنگین ترین مسئلہ اس وقت یہ ہے کہ جعلی ادویات' سب اسٹنڈرڈ ادویات' expired ادویات کو روکنے میں حکومت کی مشینری مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ میں اس پر زور دینا چاہتا ہوں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اس میں اتنا منافع ہے اور ادویات کی اتنی demand ہے کہ لوگ کیونکہ خرید نہیں سکتے اس لئے وہ جعلی اور expired ادویات خرید لیتے ہیں۔ اس کو چیک کرنا میرا مقصد ہے۔ اس پر حکومت کی جو پالیسی ہے یا حکومت کی جو مشینری ہے یا حکومت کے جو انسپکٹر ہیں یا صوبائی ڈرگ بورڈ ہے'بہت سے ڈرگ بورڈ تو صرف کاغذ پر ہیں' اصل میں ان کا وجود ہی نہیں ہے' انسپکٹر ادویات کے معیار کو چیک کرنے کی بجائے بیچنے والوں کی جیبوں کے معیار کو زیادہ اہمیت دینے لگا ہے۔ جس کی جیب بھاری ہوگی اس کوکھلی چھٹی دے گا کہ جناب! آپ کی جو مرضی ہے بیچیں۔جناب چیئرمین! ڈرگ کورٹ کراچی کے ایک جج صاحب نے باقاعدہ رپورٹ جاری کی ہے۔ وہ رپورٹ پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ انہوں نے اس ضمن میں'اسی مسئلے کے اوپر اپنی گہری تشویش سے حکومت کو آگاہ کیا ہے کہ یہ جعلی ڈرگ اور expired drugs اور sub-standard drugs کی روک تھام پر حکومت کوتاہی برت رہی ہے۔ یہ ایک مجرمانہ غفلت ہے۔ اس پر توجہ دینا اشد ضروری ہے۔ جناب چیئرمین! آپ نے خود ملاحظہ کیا ہوگا کہ عام سرکاری ہسپتالوں میں جب بھی آپ جاتے ہیں تو کس طرح سے لوگوں کو مسائل اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

جناب چیئرمین! ہم یہ چاہتے ہیں کہ ڈرگ کی جو رجسٹریشن پالیسی ہے اس کا review کیا جائے۔ صرف یہ کرنا کہ ہم ان ڈرگز کو بیچنے کی اجازت دیں گے جو رجسٹرڈ ہیں' وہ تو اپنی جگہ پر ہے۔ حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے ان ادویات کے خلاف جوکہ رجسٹرڈ ہوئے بغیر ملک میں کھلے عام بک رہی ہیں۔ حکومت نے price fix کر دی۔ Lifesaving drug اگر ۱۲۰۰ روپے کی ہے تو اس کی بلیک مارکیٹ میں قیمت ۲ ہزار اور ۳ ہزار ہے۔ اس کے بارے میں حکومت black marketing of the life saving drugs پر کیا توجہ دے رہی ہے؟ آپ نے تو price fix کر دی کہ جی ۱۲۰۰ روپے ہے۔ بلکہ اس ملک میں ۵ ہزار اور ۷ ہزار روپے کے انجکشن ہیں۔ کیسے ایک

عام آدمی انہیں برداشت کرے۔ ایک تو یہ پہلو ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ price کا جو structure ہو وہ اتنا realistic ہو کہ جس میں عوام کے عام مفادات کا تحفظ ممکن ہو۔ اس کے لئے آپ کوئی پالیسی بنائیں۔ آپ کا یہ کہہ دینا کہ جی ڈالر کی وجہ سے چونکہ روپے کی قیمت گر گئی ہے اس لئے ہم نے price raise دینا ضروری سمجھا ہے۔ ٹھیک ہے لیکن ایک غریب آدمی اس ڈرگ کو کیسے خریدے گا؟ اس کے لئے حکومت کیا تجاویز رکھ رہی ہے؟ عوام کو جینے کا حق تو دو۔ یہ کہہ دینا کہ prices بڑھتی ہیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ بحالت مجبوری بہت سی دوائی کی کمپنیوں کو price بڑھانی پڑتی ہے لیکن اس کو حکومتسبسڈی بھی دے سکتی ہے۔ حکومت غریب عوام کے لئے کوئی علیحدہ سکیم بنائے جس میں ان کے لئے ممکن ہو کہ life saving drugs کم قیمت پر حاصل کر سکیں۔ میرے اس resolution کا یہ مقصد ہے۔

Mr. Presiding Officer: Order please.

سید اقبال حیدر: اس ضمن میں حکومت کی پالیسی بالکل خاموش ہے۔ ایک عام آدمی کو صحت کی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے حکومت کی پالیسی بالکل خاموش ہے۔ اپنے بیوی بچوں کا علاج کیسے کرائے گا ایک عام آدمی۔ ایک مزدور جو کہ پندرہ سو روپے یا دو ہزار روپے تنخواہ لیتا ہے وہ اپنے کینسر کے مرض یا ulcer کے مرض یا kidney کے مرض یا شوگر کے مرض کا علاج کیسے کرائے گا۔ دو ہزار یا تین ہزار روپے میں کوئی بھی علاج ممکن ہی نہیں ہے۔ تو ان غریبوں کے علاج و معالجے کے بارے میں حکومت نے اپنی کوئی health policy جاری نہیں کی۔ ٹھیک ہے ہمیں معلوم ہے کہ

manufacturers of the drugs cannot possibly sell the drugs at a rate lesser than the cost of production, I understand that. But then it is the duty of the government to ensure supply of drugs to ordinary men, poor classes, I am talking of a class of . very poor people.

اس لئے کہ

conditions are appalling in the hospitals. I visited Jinnah Hospital or even Poly Clinic. Sir, you don't know the conditions. Now they also blame that members of

the Parliament are using so many drugs. Sir, many a times poor people ask us , "Sir, I can't afford to buy this drug. Would you be kind enough to recommend this drug beause the members of the Parliament are allowed to buy drugs". Now how can I refuse that poor man who is trying to save his life, that "no, I can't get you this drug". The result is that the members of the Parliament are also being defamed. There are some members who might be abusing this facility. Let me tell you, there are. I concede that there are some members who are abusing this facility for their personal benefits and there have been several reports. But sir, the problem is that the ordinary man cannot afford to buy the drugs at the prices prevalent in the market today and this is the reason that I wanted to raise it and invite attention of the government that they should find a solution to this very critical problem relating to the basic survival of the people. So, I would request that on that issue they should give me the health policy.

Mr. Presiding Officer: Masood Kausar Sahib.

سید مسعود کوثر: شکریہ جناب چیئرمین! یقیناً صحت کا معاملہ انتہائی اہم معاملہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جتنے بھی civilized countries ہیں دنیا میں ان کی جو national priorities ہیں یقیناً ان میں education and health سرِ فہرست آتی ہیں۔ یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم ایک ایسے ملک میں رہتے ہیں جس میں education and health کو وہ اہمیت نہیں دی جاتی جس کی کہ یہ حقدار ہیں۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ دو issues ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ drugs کو regulate کرنے کے لئے جو موجودہ قوانین ہیں آیا وہ کافی ہیں یا ناکافی ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ جو already existing laws ہیں آیا ان existing laws پہ عمل درآمد کیا جا رہا ہے یا نہیں۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ جو اہم بات ہے وہ یہ ہے کہ اس ملک میں باوجود اس کے کہ laws بھی ہوتے ہیں، اس کی machinery بھی ہوتی ہے، اس کے اہلکار بھی ہوتے ہیں

لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک کا تمام سسٹم کچھ ایسا عجیب سا بن گیا ہے کہ جو checks and balances کا سسٹم ہے وہ تمام غلط ملط ہو گیا ہے۔ یہاں پر inspectors بھی موجود ہیں۔ یہاں پر registration بھی ہے لیکن کوئی ایسا نظام نہیں ہے کہ چیک کیا جا سکے کہ واقعی یہ inspectors بعض جو اس قسم کے کاروبار کرتے ہیں ان سے یہ بھتے لیتے ہیں اور گھر پر بیٹھے رہتے ہیں ، اور میں منسٹر صاحب سے یہ جاننا چاہوں گا کہ پچھلے ایک سال میں کتنے ایسے cases detect ہوئے ہیں جن میں ان existing قوانین کی خلاف ورزی ہوئی ۔ کیا وہ ہمیں یہ بتا سکیں گے کہ کتنی fake medicines بازار میں بکی ہیں اور انکو detect کیا گیا ہے۔ کتنے cases register کئے گئے ہیں ، کتنے cases courts میں گئے ہیں اور ان courts میں کتنوں کی conviction ہوئی ہے تاکہ ہمیں کچھ اندازہ ہو سکے کہ آیا یہ جو existing law ہے یہ ان تمام کمزوریوں کا تدارک کر سکتا ہے جو کہ اس وقت drugs کے field میں موجود ہیں۔

جناب والا! کسی بھی layman کے لئے بڑا مشکل ہے کہ وہ خود جان سکے کہ یہ drug genuine ہے یا fake ہے۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ fake drugs کی packing شاید زیادہ impressive ہو گی genuine drugs سے۔ جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ بدقسمتی سے there are always honourable exceptions in every profession، ہر profession میں اچھے لوگ بھی ہوتے ہیں ، برے لوگ بھی ہوتے ہیں۔ ابھی اقبال حیدر صاحب فرما رہے تھے کہ کچھ parliamentarians شاید اس بات کو abuse کر رہے ہیں۔ جناب والا! میں یہ جاننا چاہوں گا کہ یہ بتایا جائے کہ کون abuse کرتا ہے اور کون abuse نہیں کرتا تاکہ کم از کم لوگوں کو یہ تو پتا چل جائے کہ کون اچھا ہے ، کون برا ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ شریف آدمی کے لئے یہ بھی اب سوچنے کا مقام بن گیا ہے کہ وہ politics میں رہے یا نہ رہے کیونکہ اتنی غلاظت ، اتنی گندگی politicians پر پھینکی جا رہی ہے کہ کوئی بھی شریف آدمی گوارا نہیں کرے گا کہ وہ مزید politics میں رہے۔

میں جب province میں تھا اور MPA تھا تو بڑا دکھ ہوتا تھا کہ کچھ تو بدنام محکمے تھے جیسے کسٹم اور اسی قسم کے محکمے ، میں کہتا ہوں جتنی Health Department میں غلاظت ، گندگی اور corruption ہے شاید ہی کسی اور محکمہ میں ہو۔ بدقسمتی یہ ہے کہ اس کا تعلق غریب لوگوں کے ساتھ ہے ۔ Health Minister ویسے تو بڑے اچھے آدمی ہیں اور بات سنتے بھی

ہیں اور discuss بھی کرتے ہیں، مجھے امید ہے کہ اس issue کو یہ سنجیدگی سے لیں گے اور اس قسم کے اقدامات ضرور کئے جائیں گے اور اگر law کی ضرورت ہو تو law بھی بنایا جائے تا کہ یہ جو عام آدمیوں، غریب لوگوں، متوسط طبقے کا مسئلہ ہے یہ حل ہو۔ میں کہتا ہوں کہ غریب آدمی کو آٹا نہیں ملتا، روٹی نہیں ملتی تو وہ دوائی کا تو سوچ ہی نہیں سکتا۔ موجودہ حکومت جس قسم کا آٹا لوگوں کو کھلا رہی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ کوئی medicine اس کا علاج نہیں کر سکتی۔ Unfortunately we are a kind of nation کہ ایک طرف خود غلطی کریں گے، اپنے آپ کو پھانسی دیں گے، پھر پھانسی کھولیں گے اور کہیں گے کہ جی میں نے بہت بڑی فتح حاصل کی ہے۔

آپ مجھے بتائیں کہ آپ کے کتنے Inspectors جا کر flour mills کو check کرتے ہیں۔ لیبارٹریوں میں بھی پیسے دیئے ہوئے ہوتے ہیں، ہر ماہ انہیں پیسے دیتے ہیں۔ یہ بڑی عجیب سی گندگی ہے۔ میں منسٹر صاحب سے یہ کہوں گا کہ جہاں تک خوراک کا سلسلہ ہے اس پر بھی توجہ دیں۔ کہتے ہیں کہ پرہیز علاج سے بہتر ہے۔ ایک طرف ہمیں یہ بھی سوچنا چاہیئے کہ بہتر خوراک دی جائے تا کہ لوگ کم سے کم بیماریوں کا شکار ہوں۔ لوگ گندا پانی پیتے ہیں، گندا آٹا کھاتے ہیں، گندی سبزیاں اور فروٹ کھاتے ہیں۔ آج سے 50 سال پہلے hygiene کا جو standard تھا، میں سمجھتا ہوں کہ وہ اس سے کہیں بہتر تھا جو آج ہے۔ یہ ایک اجتماعی مسئلہ ہے۔ ہم منسٹر صاحب کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ اس مسئلے میں وہ جو بھی قدم اٹھائیں گے، ہم ان کے ساتھ پورا تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں۔ یہ کسی ایک پارٹی کا مسئلہ نہیں ہے، یہ کسی ایک صوبے کا مسئلہ نہیں ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک قومی مسئلہ ہے اور اس کو قومی مسئلے کی حیثیت سے ہی لینا چاہیئے۔ اگر ہم موجودہ صورتحال میں دس فیصد بھی improvement لے آئیں، 15 percent بھی imporvement لے آئیں تو ہمیں اس سے بہت زیادہ فائدہ ہو گا۔ مجھ سے بھی کسی نے کہا تھا کہ آپ recommend کریں، میں نے پہلے دن ہی نہیں کیا اور آج تک میرے پاس کوئی دوسرا آدمی نہیں آیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی کسی کی help کرنا چاہتا ہے تو اس ڈر سے کہ یہ misuse نہ ہو اپنے طور پر وہ ان کی help کر دے اگر وہ دوائی لینا چاہتے ہیں۔ اور یہ بتانا چاہیے کہ کتنے Parliamentarians نے پچھلے پانچ سال میں کتنے کتنے پیسے draw کئے تا کہ عوام کو پتہ چلے کہ کس آدمی نے کتنے پیسے draw کئے ہیں۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ڈاکٹر بلیدی صاحب۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، شکریہ جناب۔ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے اور یقیناً اس ملک میں جعلی ادویات بکتی ہیں تو یہاں لوگوں کو انتہائی تشویش ہے اور حکومت کی طرف سے کوئی ایسا اقدام نہیں ہے، کوئی ایسی کارروائی نہیں کی جا رہی ہے جس سے ان کو کوئی سزا ملے یا ان کے خلاف کوئی کارروائی ہو۔ جو ڈرگ انسپکٹر ہیں وہ تو پہلے ہی ہمارے ساتھیوں نے کہا کہ منتھلی جاکر اپنا بھتہ لیتے ہیں بجائے اس کے کہ وہ انکوائری کریں کہ سٹور میں جو retail price لکھی ہوئی ہے اس کے مطابق وہ دوائی بیچتے ہیں یا نہیں۔ لوگ حیران ہیں کہ ہم کہاں سے اتنی مہنگی دوائی خریدیں۔ اس کے برعکس جو Antibiotic ادویات ہوتی ہیں ان کے نام پر duplicate ادویات پیکٹ میں بند ہیں، لوگ ان کو سستے داموں میں خرید کر استعمال کرتے ہیں اور بجائے اس کے کہ وہ صحت یاب ہوں وہ مزید بیمار ہوجاتے ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ وزیر صاحب اس پر ایکشن لے لیں اور باقاعدہ طور پر وہ members of Parliament کی ایک کمیٹی بنائیں اور ان سب کو بلا کر بات کریں۔ یہ بہت اہم ایشو ہے، National issue ہے، پوری قوم بڑی پریشان ہے۔ لوگ حیران ہیں کہ حکومت کا اس کی روک تھام میں کوئی عمل دخل نہیں ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اگر بازار میں جائیں، خود چیک کریں تو ایک ہی گلی میں آپ کو ہزار کیس ایسے جعلی مل جائیں گے۔ ان کو اگر ایک دفعہ پکڑ لیں تو دوسرے دن وہ رہا ہو جاتے ہیں پیسہ دے کر۔ اگر وزیر صاحب خود کوئی ایسا طریقہ کار نکالیں محکمے کی طرف سے یا خود ذاتی طور پر کبھی پنڈی میں جاکر وہ چھاپہ ماریں، کبھی کراچی میں بغیر اطلاع کے جا کر چھاپہ ماریں تو میں سمجھتا ہوں کہ بہت سارا مسئلہ حل ہوسکتا ہے اور بہت ساری ادویات جعلی جو ہیں وہ پکڑی جا سکتی ہیں۔ جعلی ادویات کے استعمال کرنے سے کئی امراض بڑھ جاتے ہیں۔ یہ ہم سب کی demand ہے کہ وزیر صاحب حکومت کی طرف سے جو اقدامات کرسکتے ہیں کریں، ہم سب ان کے ساتھ ہیں۔

آج کل یہ جو حکیم بیٹھے ہوئے ہیں اور بورڈ لکھا ہوا ہے کہ کینسر کا علاج کیا جاتا ہے کم از کم ان کو بھی دیکھیں کہ یہ جو ادویات بیچتے ہیں وہ صحت یاب کرتی ہیں یا مزید بیمار کرتی ہیں۔ تو اس کے لئے میں سمجھتا ہوں باقاعدہ طور پر ہر جگہ جائیں ہم ان کے ساتھ ہیں۔ اگر غیرملکی کوئی اس بات کو سنتا ہے یا وہ ہماری اس چیز کو دیکھتا ہے تو وہ ہمارا مذاق اڑاتا ہے کہ

یہ کوئی ملک ہے' ان کا کوئی قانون نہیں ہے ۔ اگر قانون ہے بھی تو کتابوں میں اس پر کوئی عمل نہیں ہوتا ۔ بس کتابوں تک محدود ہے یہاں کا قانون۔

جناب! ان کے محکمے کے جو ادارے ہیں وہ بھی برائے نام ہیں۔ وہ اوپر سے لے کر نیچے تک کبھی ڈیوٹی بھی نہیں دیتے ۔ اگر دیتے ہیں تو جیسا انہوں نے کہا کہ جیب کو دیکھتے ہیں کہ کہاں سے پیسہ ملتا ہے ۔ میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں کہ اس اہم ایشو پر آپ نے مجھے موقع دیا۔ شکریہ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** تاج حیدر صاحب ۔ پیشتر اس کے کہ تاج حیدر صاحب آپ تقریر شروع کریں ۔ میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں لیڈر صاحبان کی خدمت میں اور تمام ممبران کی خدمت میں کہ ہاؤس کے اندر زیادہ چلنا پھرنا ہاؤس کی dignity اور تقدس کے خلاف ہے۔ میں نہایت مودبانہ گزارش کروں گا کہ کم سے کم ہاؤس کے اندر چلیں پھریں کیونکہ ہاؤس کی sobriety' ہاؤس کی proceedings پر اثر پڑتا ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ اس سے یہ تاثر بھی ملتا ہے کہ شاید جو ممبر صاحبان گھوم پھر رہے ہیں وہ seriously کارروائی کو نہیں سن پا رہے یا سننا نہیں چاہتے ۔ تو میں یہ نہایت مودبانہ گزارش کروں گا کہ اس پر تھوڑا سا غور کیا جائے ۔

**سید مسعود کوثر:** آپ ہمیشہ بڑی مہربانی کرتے ہیں لیکن بعض اوقات ممبر محسوس کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ برابر کا انصاف نہیں ہوتا' کبھی کبھی ڈنڈی ماری جاتی ہے ۔ تو اس کا بھی ذرا خیال رکھا جائے ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** تاج حیدر صاحب۔

**جناب تاج حیدر :** شکریہ جناب عالی ! سینیٹر اقبال حیدر صاحب نے جو ریزولوشن دیا ہے یہ اہم بھی ہے اور یہ ٹیکنیکل بھی ہے ۔ میری کوشش ہو گی کہ میں ایک مختصر سا تجزیہ پیش کروں اور کچھ تجاویز پیش کروں جس سے صورت حال کو ٹھیک کیا جا سکتا ہے ۔ جناب عالی ! drug بنیادی طور پر ایک کیمیکل ہے۔ اس کیمیکل کو مختلف forms میں' مختلف shapes میں بنا کر پھر مریضوں کو دیا جاتا ہے ۔ بد قسمتی سے ہمارے ملک میں جو بنیادی raw material اور بنیادی کیمیکلز ہیں وہ تیار نہیں ہوتے ' آٹھ یا نو کے علاوہ ہماری drug industry

کو' pharmaceutical industry کو یہ کیمیکلز باہر سے درآمد کرنے پڑ رہے ہیں ۔ باہر سے درآمد کرنے کے کئی sources ہیں ۔ ایک source ہے جو ان کیمیکلز کے manufacturers ہیں' یہ زیادہ تر جرمنی میں اور چائنا میں ہیں ۔ یہ standard manufacturer ہیں جو کہ generic name کے تحت ان کیمیکلز کو بناتے ہیں ۔ ان سے آپ یہاں کی انڈسٹری ان کیمیکلز کو امپورٹ کر سکتی ہے اور ان کو tablets یا capsules کی یا liquids کی شکل دے کر یا ان کے مختلف combinations بنا کر ان کو مارکیٹ کر سکتی ہے ۔

ہمارے ملک میں بہت سی multinational companies ہیں اور وہ multinational companies اس بات پر بضد ہیں کہ وہ ان manufacturers سے کہ جو raw materials بنا رہے ہیں اپنا raw material نہیں خریدیں گی بلکہ وہ اپنا raw materials اپنی parent company سے خریدیں گی یعنی اگر company act کراچی کے اندر manufacture کر رہی ہے اور وہ کمپنی ایکٹ کی subsidy ہے جو کہ favour link میں ہے تو بجائے اس کے کہ اس کیمیکل کو کسی جرمن manufacturer یا کسی Chinese manufacturer سے خریدے تو وہ insist کرتی ہے کہ وہ اپنی parent company سے خریدے گی۔ اب وہی کیمیکلز جو کہ raw materials manufacturer ایک ڈالر کا دے رہا ہے' ان کی parent کمپنی بعض اوقات دس ڈالر میں دیتی ہے اور یہاں تک وزیرصحت اس کو نوٹ فرمائیں کہ ایک اور بیس تک کا فرق ہے ان کی prices کے اندر یعنی اگر اسپرین دنیا میں ایک ڈالر کی مل رہی ہے تو وہ اپنی parent company سے جب بنوائیں گے تو وہ بیس ڈالر اس کے pay کریں گے ۔ اس phenomenon کو transfer pricing کہا جاتا ہے ۔ اس طریقے سے ہماری ملکی دولت اور ملکی profits باہر یعنی manufacturing سے پہلے پہلے وہ profits ٹرانسفر ہو جاتے ہیں صرف اس وجہ سے کہ multinational companies insist کرتی ہیں کہ وہ raw materials اپنی parent کمپنیوں سے خریدیں گی ۔

میری پہلی تجویز یہ ہے کہ ہماری گورنمنٹ کو except for some research chemicals یعنی یہ کہ جو research ہو رہی ہیں جو کہ صرف ان کی parent companies بنا رہی ہیں' دوسری کمپنیاں Merck یا China کے اندر وہ چیز نہیں بن رہی' وہ تو ظاہر ہے کہ انہیں اپنی parent company سے خریدنی پڑے گی' وہ اس research کی cost کو نکالیں گے' اس کو

مہنگا بھی بیچیں گے لیکن ہمیں یہ insist کرنا چاہیئے کہ وہ کیمیکلز جو کہ دنیا میں دوسری جگہ بنائے جا رہے ہیں وہ cheapest source سے خریدے جائیں گے یعنی ایک multinational اگر کراچی میں کوئی چیز بنا رہی ہے اور اس کا raw material چائنا کے اندر موجود ہے جو کہ سستا raw material ہے جو کہ standard raw material ہے تو پھر حکومت کو یہ foresee کرنا چاہیئے کہ وہ raw material جو cheaper sources,standard sources, ہیں وہ ان سے خریدا جائے ۔ اس طریقے سے transfer pricing جاری ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ وہ کمپنیاں multinational companies اپنے compounds اور اپنی preparations کی prices کے لئے apply کرتی ہیں ۔ وہ retail prices Health Ministry انہیں دیتی جاتی ہے اور وہی چیز کسی پاکستانی کمپنی کو جو کہ چائنا سے raw material منگا کر بنا رہی ہے، تو اس کی price اگر دو روپے ہے تو multinational کو brand name کے تحت اس کی prices بیس روپے اور پچیس روپے allow کر دیئے جائیں گے۔ وہ prices بڑھتی بھی رہیں گی جیسے جیسے ڈالر کی قیمت اور ہماری exchange کی قیمت بڑھے گی۔ automatically وہ prices ان کی بڑھتی جاتی ہیں۔ جبکہ جو پاکستانی کمپنیاں بنا رہی ہیں ان کی prices بہت کم ہیں ۔

دوسری چیز میں یہ عرض کروں گا کہ ایک range over the counter of product یعنی ایسی دوائیں جو نزلہ کھانسی اور زکام ہوا تو آپ نے cough syrup جا کر over the counter لے لیا، اس کے لئے prescription کی آپکو ضرورت نہیں ہے ۔ آپ نے اسپرین جا کر over the counter سے لی ، paracetamole آپ نے جا کر لے لی۔ ایسپرین یا پیراسیٹامول یا counter products کی کوئی over 50 products اس کے اندر آئیں گی اور میں یہ تجویز دوں گا کہ ان کی prices کو decontrol کیا جائے۔ اگر کوئی multi-national اپنے cough syrup کے دو روپے، تین روپے زیادہ چارج کرنا چاہتی ہے تو آپ اس کو allow کریں کیونکہ volume of sale زیادہ ہوگا۔ آپ اگر اس پر تین روپے بڑھا دیں گے اور وہ پانچ لاکھ cough syrup کی bottles بنا رہی ہے تو اس کو 15 لاکھ کا فرق پڑجاتا ہے۔ لیکن اگر کسی کو سستا cough syrup چاہیئے تو وہ competition کے ذریعے کوئی بھی ہماری local national company ہوگی جو کہ ایک سستا cough syrup اسے دے سکے گی۔ تو over the 50 counter products کو آپ decontrol کریں، جو life saving drugs ہیں ان کی قیمتوں کو آپ control کریں اور

multi-nationals کو مجبور کریں کہ ہم نے over the counter products کے اوپر سے price control اٹھا لیا ہے' اب آپ یہ life saving products جو ہزار روپے' بارہ سو روپے کی ہے اس کے اوپر آپ چار سو' پانچ سو روپے چھوڑیے۔ بیشک آپ کو نقصان کیوں نہ اٹھانا پڑے۔ یعنی you can have a deal کہ بھئی ان products پر ہم آپ کو prices زیادہ دیتے ہیں اور اس میں فائدہ کی بات یہ ہے کہ وہ competition کے ذریعے وہ accommodate ہو جائیں گے' لیکن جو life saving products ہیں ان کے اوپر کم کریں۔

میرے خیال سے pharmaceutical market if my figures are correct, کوئی 1000 million کی پاکستان کے اندر ہے۔اس 1000 million کے اندر 500 million کے قریب ہماری local manufacturing اور local manufacturing کا جیسے میں نے عرض کیا کہ اس کا raw material باہر سے ہی آتا ہے اور 500 million ہم finished form کے اندر باہر سے import کرتے ہیں۔ جناب عالی! بڑی گڑ بڑ اس finished form کے اندر ہو رہی ہے اور اس پر duty structure کے اندر' import structure کے اندر drugs خاص طور پر 5% یا 10% پر import ہو جاتی ہیں۔ لیکن جس وقت آپ ایک finished product import کر رہے ہیں تو اس کے اندر اس کے تمام کے تمام packing material کے اوپر بھی آپ سمجھیں' کیونکہ اسے دوا کی صورت میں import کیا جا رہا ہے اس لئے جو import duty ہے وہ اسی 5% یا 10% کے package میں ہوتی ہے جس کا کوئی جواز نہیں ہے۔ کیونکہ packing material کے اوپر duty بچ جاتی ہے اس لئے زیادہ تر importers جو ہیں وہ finished form کے اندر دوا import کرتے ہیں۔

جناب عالی! جو دوائیں ملک کے اندر بن رہی ہیں' APC یا Panadol وغیرہ جو بن رہی ہیں ان کا کیا جواز ہے کہ ان کو finished form کے اندر باہر سے منگایا جائے اور یہ جو 1000 million کی ہماری مارکیٹ ہے اس کے اندر 500 اور 500 کا distribution کیوں ہو۔ یہ 100 million کا ہی import ہوسکتا ہے finished product 900 million کی ہمارے ملک کے اندر ہے۔ تو یہ جو imported finished form کے اندر drugs ہیں' یہ ہماری manufacturing industry کا بہت بڑا حصہ کھا رہی ہیں اور ہماری production اس میں نیچے ہو رہی ہے اور اس کا effect جیسے کہ میں نے عرض کیا اور مجھے خوشی ہے کہ وزیرصحت notes لے رہے ہیں' وہ یہ ہے کہ ان کو سستا اس لئے پڑ جاتا ہے کہ جو packing material ہے اس کے اوپر انہیں duty نہیں

دینی پڑتی۔

جناب عالی! یہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے اور اس کے لئے حکومت کو بڑے وسیع پیمانے پر اقدامات کرنے ہیں۔ اور میں گزارش کروں گا کہ ایک لسٹ بنائی جائے 100 یا 125 medicines کی جو کہ ضروری medicines ہیں۔ اب حکومت، مرکزی حکومت ہو یا صوبائی حکومت ہو یا ہماری defence services ہوں، وہ تمام کی تمام products کو ان کے brand name سے خرید رہی ہیں۔ یعنی فلاں multi- national دوا بناتی ہے اور جو بھی اس کی قیمت ہے، اگر 20 روپے اس کی قیمت ہے، وہ ہم 20 روپے میں لے لیں گے۔ وہی دوا اگر دوسری کمپنی دو روپے یا تین روپے کی بنا رہی ہے تو کیونکہ اس کے اندر brand name نہیں آیا ہے، اس لئے وہ بیس روپے کی خریدی جاتی ہے اور دو یا تین روپے کی نہیں خریدی جاتی۔

میں یہ تجویز پیش کروں گا جناب عالی! کہ حکومت ضروری دواؤں کی جو کہ ہر ہسپتال کے اندر availableہونی چاہییں، ایک لسٹ بنائے 100 یا 120 دواؤں کی اور brand name کی جگہ ان کو generic name سے tender کیا جائے اور اس میں cheapest source کو دیکھا جائے، یہ بات کہی جاتی ہے اور ملٹی نیشنل کمپنی میں بہت زیادہ پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے کہ وہ کوالٹی کے معیار پر نہیں اترتیں، وہ جعلی ہوتی ہیں۔ میں کہنا چاہتا ہوں اور ممبر حضرات نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے کہ جو جعلی ادویات بنتی ہیں وہ وہی ادویات ہوتی ہیں جو ملٹی نیشنل والے بناتے ہیں اور بالکل اسی پیکنگ اور اسی ڈبے میں وہ جعلی ادویات بنتی ہیں۔ اس کے برعکس جو ہماری پاکستانی کمپنیاں بناتی ہیں ان کی جعلی ادویات نہیں ہوتیں کیونکہ ان کی پہلے ہی مارکیٹ بہت کم ہے۔ جعلی وہ چیز بنائی جاتی ہے جس کی مارکیٹ زیادہ ہو۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ کم از کم جو گورنمنٹ purchasing ہے، گورنمنٹ purchase برانڈ کے نام سے نہیں ہونی چاہیئے بلکہ generic name سے ہونی چاہیئے۔

جناب عالی! دوسرے ملکوں میں تجربات ہوئے ہیں۔ کیوبا میں بہت کام ہوا ہے اس سلسلے میں، چائنا میں ایک ارب پاپولیشن اس کو کر رہی ہے۔ اس وقت ہم اس change of development میں نہیں ہیں۔ ظاہر ہے کہ چائنا اپنا را میٹریل بھی خود بنا رہا ہے۔ ہم را میٹریل نہیں بنا رہے لیکن میرے خیال میں کئی ممالک کے، جو سوشل سیکٹر میں ایک positive approach رکھتے ہیں، قریب آکر اور ان کے ساتھ co-ordinate کرکے ان سے را میٹریل لے

سکتے ہیں اور نیشنل انڈسٹری کو patronise کر کے اس مسئلے کو حل کیا جا سکتا ہے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔

راجہ محمد ظفر الحق : جناب' ایک منٹ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جی راجہ صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق : میں صرف اس لئے کھڑا ہوا ہوں کہ ہاؤس میں جتنی بھی ڈیبیٹس ہوتی رہی ہیں ان میں تاج حیدر صاحب کی contribution بڑی substantial رہی ہے ۔ اور آج بھی جس طریقے سے انہوں نے اس مسئلے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ' میں ان کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

Syed Taj Haider: My very sincere thanks for the encouragement.

Mr. Presiding Officer: And I think, this is a very healthy tradition and very good thing. Every good speech, if appreciated, I think that will enhance the standard of debate. Dr. Abdul Hayee Baloch sahib.

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : یہ موشن جو ادویات کی پروڈکشن اور ان کی قیمتوں کے متعلق اس معزز ایوان میں زیر بحث ہے ' میں سمجھتا ہوں کہ ہر لحاظ سے اہم ترین موضوع ہے کیونکہ اس کا براہ راست عوام کی صحت سے تعلق ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں پیسہ بنانے کی ایک حرص و ہوس ہے ۔ زندگی کے ہر شعبے میں راتوں رات دولت اکٹھا کرنے کی حرص و ہوس میں ہم ساری دنیا سے آگے نظر آتے ہیں۔ خاص طور پر جو ہمارا بڑا طبقہ ہے جس کو ہم سرمایہ دار کہتے ہیں ' جس کو دولت مند کہتے ہیں' جس کو جاگیر دار کہتے ہیں ۔ یہاں ایک المیہ ہے جو سب سے زیادہ تکلیف دہ ہے کہ انسان کی قدر نہیں ہے۔ انسانی resource کی قیمت ہمارے ملک میں سب سے کم ہے۔ انسانی اقدار بھی ہمارے ہاں سب سے زیادہ پامال ہوتی ہیں۔ ایک بے ڈھنگا معاشرہ ہے اس مراعات یافتہ حکمران طبقے کی وجہ سے کہ یہاں عوام اور عام آدمی یعنی مزدور ' کسان ' ہاری ' چھوٹا ملازم ' کم آمدنی والے لوگ---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، تشریف رکھیئے ۔ Let the House be in order first.

آپ تشریف رکھیئے۔ ہم دوسرے کاموں سے فارغ ہو لیں پھر ہم ڈیبیٹ شروع کریں گے۔

Shall we proceed now Iqbal Haider sahib, on your Resolution, please take your seat now. Yes Dr. Abdul Hayee, please continue.

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: جناب والا! یہ اہم بات میں آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں اس معزز ایوان میں کہ عام آدمی کی فلاح و بہبود یا اس کی خوشحالی یا اس کی صحت یا اس کی تعلیم یا اس کی ضرورتیں ہمارے ہاں مدنظر نہیں رکھی جاتیں۔ یہاں تو ٹیکسوں کا سارا بوجھ عام آدمی پر ہے اور اس ساری لاقانونیت کا خمیازہ بھی عام آدمی کو بھگتنا پڑتا ہے۔ ساری معاشی پریشانیاں عام آدمی کو face کرنی پڑتی ہیں۔ یہ ایک عجیب اتفاق ہے۔ ایک خاص طبقہ دولت سے تجوریاں بھرتا چلا جا رہا ہے۔ Health point of view سے میں یہ گزارش کروں گا کہ صحت بہت قیمتی چیز ہے۔ یہاں نہ تو حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کیا جاتا ہے نہ pollution کو کم کرنے کا بندوبست کیا جاتا ہے نہ ادویات کی طرف توجہ دی جاتی ہے۔ اگر سرکاری ہسپتال ہیں تو وہ بھی برائے نام ہیں۔ اب تو صرف buildings ہیں اور staff ہے۔ علاج معالجے کی سہولتیں تو نہ ہونے کے برابر ہیں، قطعاً نہیں ہیں۔ ادویات تو خیر یہاں پر multi-national companies کی اور bogus companies کی وجہ سے مارکیٹ میں موجود ہیں۔ ایک طرف قیمتیں انتہا کو پہنچ رہی ہیں جو عام آدمی کی قوت خرید سے باہر ہیں اور دوسری طرف bogus companies کی بیکار قسم کی ادویات سے مارکیٹیں بھری ہوئی ہیں۔ خاص طور پر ہسپتال میں جو ادویات ملتی ہیں، ان کا بھی نظام بہت خراب ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! کمیشن مافیا سے خدا بچائے، خدا رحم کرے۔ یہ ایسا ظالم مافیا ہے جو کسی چیز کو معاف نہیں کرتا، نہ آٹے میں ملاوٹ سے باز آتے ہیں، نہ مرچ میں ملاوٹ سے باز آتے ہیں۔ ان کا خانہ خراب، اینٹیں مرچ میں ملا کر بیچتے ہیں، ہمیں تو ان کی سمجھ نہیں آتی، سنا ہے کہ سرخ اینٹیں مرچ میں ملاتے ہیں۔ ہم حیران ہیں کہ کسی چیز کو یہ معاف بھی کرتے ہیں۔ ہماری ریاستی مشنری جو اتنی huge ہے، چاہے فیڈرل لیول پر دیکھیں یا صوبائی لیول پر، یہ over burdened ہے ہمارے ملک کے exchequer کے لئے، یعنی انتظامیہ یا جو ہماری مشنری

ہے یہ ہمارے exchequer کے لئے over burdened ہے لیکن کوئی اپنا فرض منصبی ادا نہیں کرتا۔ جس کا جیسے جی چاہے، کر گزرتا ہے۔ دو نمبر کاروبار یہاں پر مشہور ہو گیا ہے۔ اب تو کہتے ہیں کہ پاکستان میں انسان بھی دو نمبر ہیں۔ جناب! ادویات جیسی چیز یعنی life saving drugs میں بھی ملاوٹ ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! آپ یقین کریں کہ اب تو یہاں اس حد تک corruption ہے، loot and plunder ہے کہ لوگوں کو یہ باور کرایا جاتا ہے کہ نیک نیتی سے، سچائی سے تو کام ہو ہی نہیں سکتا۔ پاکستان میں کوئی بھی شخص کاروبار سے اپنی روزی ایمانداری سے نہیں کما سکتا جب تک آپ دو نمبر ٹریک پر نہ چلیں۔ دو نمبر ٹریک مشہور ہو گیا ہے، چاہے یہ سروس سٹرکچر ہو، بزنس ہو یا کوئی اور کاروبار ہو یا حکومت ہو، ہر کام دو نمبر ہے۔ سب سے زیادہ دو نمبر کاروبار ادویات میں ہے کیونکہ یہاں لوگ مجبور ہوتے ہیں۔ جناب! خوراک اور ادویات بنیادی چیزیں ہیں۔ آٹا بھی لوگوں کو چاہیئے، سب سے زیادہ ملاوٹ آٹے میں ہے، ادویات میں ہے، یعنی خوراک کی چیزوں میں سب سے زیادہ ملاوٹ ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ سونے پر سہاگہ pollution ہے جو انتہا پر پہنچ رہی ہے۔ ساری دنیا میں دھواں دار گاڑیاں نہیں ملیں گی لیکن یہاں پر ملیں گی۔ ہمارا کوئٹہ شہر تو برباد ہو گیا ہے۔ خدا جانتا ہے کہ یہ ایک زمانے میں بہترین شہر ہوا کرتا تھا۔ اب ایشیا میں سب سے زیادہ polluted area ہے۔ خدا جانتا ہے وہاں پر گھٹن ہوتی ہے، آدمی شہر میں جا نہیں سکتا، اتنی pollution ہے کہ جیسے کوئی اینٹوں کا بھٹہ شہر میں چل رہا ہو۔ خواہ آپ جناح روڈ جائیں یا لیاقت بازار جائیں۔ دیگر شہروں کا بھی یہی حال ہے، کراچی کا بھی یہی حال ہے تو چیئرمین صاحب! ہم کس طرف جا رہے ہیں۔ لوگوں کی صحت سے ہم کھیل رہے ہیں، لوگوں کو امن کی ضرورت ہے وہ ہم provide نہیں کرتے، آخر اسٹیٹ کی کیا responsibilities ہیں؟ اسٹیٹ خود کو ہر چیز سے بری الذمہ سمجھتی ہے۔ روزگار دینا اسٹیٹ کا کام ہے لیکن یہاں یہ اس سے بری الذمہ ہے، علاج معالجے سے بری الذمہ ہے، امن و امان سے بری الذمہ ہے تو بھائی! اسٹیٹ کا تصور پھر کیا چیز ہے؟ آخر لوگ جو اتنے ٹیکس دیتے ہیں اور indirect taxes, direct taxation کی اس گورنمنٹ کو بھی جرات نہیں ہوئی کہ سرمایہ داروں اور جاگیرداروں پر ٹیکس لگائیں، یعنی یہاں صرف ہذا من فضل ربی کا بورڈ لگ جاتا ہے۔ لوگ یہاں سات کروڑ کا بنگلہ بنا لیں، بیس گاڑیاں خرید لیں،

سینکڑوں کے حساب سے پلاٹ خرید لیں۔ ایک روپیہ ٹیکس ادا نہیں کرتے۔ کوئی نہیں پوچھتا کہ بابا یہ کہاں سے آئے ہیں۔ آپ دنیا کے دوسرے ممالک میں جائیں، اگر کوئی ایک موٹر سائیکل خریدتا ہے تو اس کا بھی پوچھتے ہیں کہ آپ کہاں سے یہ لائے لیکن یہاں تو ہذا من فضل ربی کا بورڈ لگا دیا بس سب برابر ہے۔

جناب والا! وزیر صحت صاحب ایک انسان دوست شخص ہیں، وہ ایک جذبہ بھی رکھتے ہیں، خود انہوں نے بھی اسمعزز ایوان میں فرمایا تھا کہ ہمارے ملک میں raw material کا multi-national companies ایک ہزار گنا منافع لیتی ہیں۔ آخر ہم نے ان کو اس طرح کھلی چھوٹ کیوں دی ہوئی ہے۔ اس طرح کی کھلی چھوٹ نہیں ہونی چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پچھلی حکومت نے 1973-74 میں جو سلسلہ شروع کیا تھا وہ بہت اچھا تھا۔ یہ جو ہم brand name یا trade name کر رہے ہیں اس کا ہمیں کیا فائدہ ہے، عام آدمی کی رسائی سے تو یہ باہر ہے تو میری اس معزز ایوان سے التجا ہے کہ صحت کے تمام مسائل بالخصوص ہسپتالوں کی management کے جو مسائل ہیں ان کا حل سوچیں۔ ہسپتالوں میں جو افراتفری ہے کہ ایک روپے کی گولی بھی نہیں ملتی، کہتے ہیں کہ سرنج بھی گھر سے لائیں، پرچی بھی گھر سے لائیں، سارے کے سارے ہسپتالوں کا یہی حال ہے، کوئی ادویات نہیں ملتی ہیں۔ کروڑوں اور اربوں روپے جو بجٹ میں ان کو دیے جاتے ہیں، یہ کہاں چلے جاتے ہیں؟ اور ظاہر ہے کہ آپ نے ایک huge staff رکھا ہوا ہے۔ یا تو اپنے اس health structure کو بدلیں یا آپ یہ کہیں کہ بھئی ہم health service میں آپ کو صرف مشورہ دے سکتے ہیں، ادویات نہیں دے سکتے ہیں، کوئی پالیسی ہو کہ state کے جتنے بھی ہسپتال ہیں وہ صرف مشورہ دے سکتے ہیں، مشورہ بھی نہیں ملتا، ادویات بھی نہیں ملتی ہیں، صرف لوگوں کا آنا جانا ہوتا ہے۔

آپ یقین کیجئے چیئرمین صاحب! کہ غریب سے غریب ترین آدمی بھی ان ہسپتالوں میں جاتے ہوئے گھبراتا ہے۔ عام لوگوں کی تو ان تک رسائی بھی نہیں ہے۔ اس کے باوجود بھی اگر آپ ہسپتال جائیں تو ہسپتال کھچا کھچ بھرے ہوئے ہیں، رش ہے۔ اس لئے کہ ان لوگوں کے پاس استعداد نہیں ہے اور مراعات یافتہ طبقے کو اگر سر کا درد ہو تو کہتے ہیں کہ جلد سے جلد لندن یا امریکہ لے جائیں۔ آپ کو اپنی صحت اور علاج عزیز ہے، ان غریب لوگوں کو بھی صحت چاہیئے، وہ بھی اس ملک کے باعزت اور باوقار شہری ہیں، جیسے آپ ہیں، لیکن ان کے لئے کوئی سہولت نہیں

ہے۔ کیا وہ انسان نہیں ہیں؟ میں دیانتداری سے کہتا ہوں کہ ان کے ساتھ ڈنگروں اور جانوروں کا سا سلوک کیا جاتا ہے۔ ہمارے ہسپتالوں کا برا حال ہے' اس کو ٹھیک کریں' صحت کے structure کو بدلیں' ادویات کی پالیسی کو تبدیل کریں۔ یہ جو اہم کام ہیں اس طرف توجہ دیں۔ آخر آپ لوگوں کی وزارتیں ہیں' ذمہ داریاں ہیں' قیمتوں کا صحیح تعین کریں اور جو ملٹی نیشنل کمپنیوں کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے' دنیا میں کہیں بھی ایسا نہیں ہے۔ ان کی مرضی ہے ایک سے ہزار قیمت لیں' ایک سے دو ہزار قیمت لیں ۔ بھئی! ہم کوئی دنبے بکرے ہیں یا انسان ہیں۔ انسانوں کے ساتھ انسان جیسا رویہ ہونا چاہیئے۔ ہمیں اپنےشہریوں کو عزیز رکھنا چاہیئے۔ ہم اور بہت سی باتوں کی نقل کرتے ہیں۔ یہاں پر اگر کسی چیز کی سب سے کم قیمت ہے تو وہ انسان کی ہے' سب سے کم قدر انسان کی ہے' باقی ہر چیز کی اہمیت ہے۔

جناب والا! میری ان سے گزارش ہے کہ pharmaceutical companies کی قیمتوں کا ازسرنو جائزہ لیں' ہسپتالوں کی management کا ازسرنو جائزہ لیں اور generic names کی طرف اگر آئیں تو کم از کم essential drugs کی فراہمی کو ممکن بنائیں۔ مارکیٹ میں fake ادویات' بوگس ادویات ہیں' آپ دس گولیاں APC کی کھائیں کچھ اثر نہیں ہو گا' اس سے عام آدمی کی جان چھڑائیں' اور ان لوگوں کو لگام دیں۔

جناب چیئرمین! ایک اور مذاق آپ دیکھیں اس ملک کےشہریوں کے ساتھ' نہ ڈگری ہے' نہ کچھ اور ہے' جعلی ڈاکٹر بہت ہیں۔ قہر ہے خدا کا۔ یہ کوئی مذاق ہے۔ جعلی ڈاکٹروں نے اس معاشرے کا خانہ خراب کیا ہوا ہے ۔ تمام شہروں میں' لاہور میں' کراچی میں' اسلام آباد میں' کوئٹہ میں' ہر جگہ جعلی ڈاکٹر موجود ہیں۔ ان جعلی ڈاکٹروں کےسسٹم کو ختم کیا جائے۔ عوام کی صحت کے ساتھ آپ کاروبار کرتے ہیں' عوام کی صحت کے ساتھ آپ کھیلتے ہیں۔ میں یہ بات یہاں پر اس لئے کر رہا ہوں کہ وزیرصحت صاحب کو ان تمام چیزوں پر توجہ دینی چاہیئے۔ کوئی قانون بنائیں اس سلسلہ میں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** ڈاکٹر صاحب! جعلی ڈاکٹر کی تعریف کیا ہے؟

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** بھئی جس کے پاس کچھ نہیں ہے' کوئی ڈگری نہیں ہے' نہ گریجویشن ہے' کچھ بھی تو نہیں ہے۔ کتنا آسان ہے اس ملک کے اندر ڈاکٹر بننا کہ اپنے نام

کے ساتھ ڈاکٹر لکھ دیں۔ بھئی! لفظ ڈاکٹر کوئی عام چیز تو نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پورے پاکستان میں تمام جعلی کاروبار ادویات کا اور جعلی ڈاکٹر اور جعلی نسخہ جات' ان سب کا خاتمہ ہونا چاہیئے۔ حکومت کو اس طرف خصوصی توجہ دینی چاہیئے اور ادویات میں ملاوٹ ختم کرنی چاہیئے' خوراک میں ملاوٹ کو ختم کرنا چاہیئے اور تمام چیزوں میں ملاوٹ کا قلع قمع کرنا چاہیئے۔ لوگوں کو اچھی زندگی گزارنے کے لئے آزاد ماحول دو۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**: راجہ صاحب۔

**راجہ محمد ظفرالحق**: جناب چیئرمین! ایک صاحب نے اپنا تعارف کروایا کہ " ڈاکٹر ہیں"۔ تو جیسے ڈاکٹر حئی صاحب نے فرمایا' اس کے بارے میں بھی یہ تاثر تھا کہ یہ ڈنگر ڈاکٹر ہے تو اس نے کہا کہ "آپ ڈنگر ڈاکٹر ہیں؟" اس نے جواب میں کہا "فرمایئے آپ کو کیا تکلیف ہے؟"۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**: حبیب جالب صاحب۔

**جناب حبیب جالب بلوچ**: جناب چیئرمین! شکریہ ۔ میں مختصراً چاہوں گا کہ اقبال حیدر نے جو یہ موشن پیش کی ہے ' اس میں اپنی contribution ڈالوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ وہ موشن ہے کہ جس سے ہر انسان کا براہ راست تعلق ہے' چاہے اس کا تعلق کسی بھی طبقہ سے ہو ۔

جناب والا ! بنیادی طور پر اس مسئلے کے تین aspects بنتے ہیں ۔ ایک legal aspect ہے ' دوسرا technical aspect ہے اور تیسرا practical aspect ہے ۔ اس ملک میں registration of pharmaceutical products کا قانون تو موجود ہے لیکن جب اس کے ذریعے کنٹرول نہیں ہوتا ہے اور practical sense میں ان ادویات کا جن کا already registration موجود ہے اور اس حوالے سے باقاعدہ گورنمنٹ کی جانب سے کوئی ایکٹ پاس نہیں ہوتا ہے تو محض registration of pharmaceutical products ناکافی ہو گا ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ جہاں چند ادویات کو رجسٹرڈ کیا گیا ہے اسی نام سے ' اسی برانڈ پر ' even اسی Generic name میں اس کی alternative products بھی بازار میں آ جاتی ہیں' جن میں فرق کرنا مشکل ہو جاتا ہے ۔ جب اس چیز کا فرق کرنا مشکل ہو جاتا ہے اور اس

کے لئے بھی ایسے کوئی sub laws موجود نہیں ہیں اور اگر ہیں تو ان کی وضاحت اس sense میں نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی Drug Control Officer کی اس sense میں training دی گئی ہے جو ان ادویات کو جو registered name سے already موجود ہیں' جو registration میں آ جاتی ہیں' اور وہ بازار میں اس وقت کھلے عام بک رہی ہیں ' موجود ہیں ۔ کوئٹہ میں حال ہی میں ایک کیس ہوا ہے ۔ انہوں نے نام نہاد خدمت کمیٹیاں بنائی ہیں' جن کی اب ضرورت اس لئے نہیں رہی ہے کہ اب بلدیاتی اداروں میں elected لوگ آ گئے ہیں ۔ ان کے پاس کسی آدمی نے ایک رپورٹ درج کروائی کہ فلاں M.B.B.S ڈاکٹر نے اپنے اسٹور میں ' یعنی اپنے کلینک میں ایسی میڈیسن رکھی ہیں جس سے میڈیکل سٹور ایکٹ کی خلاف ورزی ہو رہی ہے ۔ اس لئے وہاں جا کر وہ چھاپہ مارتے ہیں لیکن اس کے ساتھ اس رجسٹریشن کے تحت وہی آدمی ادویات بیچ سکتا ہے یا دوکان چلا سکتا ہے جو B-pharmacist ہو ۔

میں وزیر موصوف کے علم میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ صرف کوئٹہ میں ایسے more than 80% لوگ ادویات بیچ رہے ہیں ۔ اسی طرح پورے ملک میں ان کی تعداد 35% سے بھی زیادہ ہے جو B-pharmacist سرے سے ہیں ہی نہیں ۔ ایک مسئلہ تو یہ ہے ۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ B-Pharmacist نہیں ہے تو انہوں نے B-pharmacists کی ڈگریوں کو پیسوں سے خرید رکھا ہے لیکن ان کی جگہ کوئی اور آدمی ادویات فروخت کر رہا ہوتا ہے ۔ کیا اس چیز کو کنٹرول کرنے کے لئے کبھی کوئی توجہ دی گئی ہے یا نہیں ۔ یہ ایک نہایت ہی اہم نکتہ ہے ۔

تیسری بنیادی بات یہ ہے کہ جو میں ایکٹ کی بات کر رہا ہوں ' وہ اس لئے لازم ہو گیا ہے کہ ایسے لوگ جو B-pharmacist نہیں ہیں اور جو B-pharmacist کی ڈگریاں لے کر ادویات بیچ رہے ہیں یا کسی M.B.B.S ڈاکٹر کے حوالے سے ایسی ادویات بیچ رہے ہیں جنہیں بیچنے کا انہیں legally right نہیں پہنچتا ہے ۔ ایسی صورت میں کیا کوئی ایسا ایکٹ ہے جس کے تحت آپ کا کوئی trained officer یا آپ ان کے خلاف چھاپہ مار کر ان کو سزائیں دے سکیں ؟ یہ نکتہ بہت اہم ہے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ جعلی ادویات ہیں ۔ اب ان کو چیک کرنے کے لئے ہمارے پاس لیبارٹریز ہیں ۔ دوسرے ممالک اور یورپ میں بھی میں نے دیکھا ہے کہ PCSIR

لیبارٹریز regularly چیک کرتے ہیں ۔ وہ ماہانہ کسی طریقے سے ان سٹور سے ادویات خریدتے ہیں اور ان کو یہ نہیں بتاتے ہیں کہ ہم آپ کی products کوچیک کرنا چاہتے ہیں ۔ اس کے لئے اس کو seal کر دیا ہے ۔ ہم تو ایسا کرتے ہیں کہ فوری طور پر کسی دوکان کو seal کر دیتے ہیں اور اس کے بارے میں تمام ملک میں افواہ پھیل جاتی ہے اور جو جعلی ادویات رکھنے والے ہوتے ہیں وہ ان کو چھپا لیتے ہیں ۔ ہمارے ملک میں جو کمی ہے وہ یہی ہے کہ ہم ان ادویات کی regular طریقے سے chemical examination نہیں کرپاتے ۔ جب تک کوئی شکایت نہ آ جائے ۔جب تک ایسی ادویات کی وجہ سے کوئی مریض کسی ہسپتال میں موت کا لقمہ نہ بن جائے یا کوئی ایسا مسئلہ سامنے نہ آ جائے جو پارلیمنٹ یا کہیں اور نہ آ جائے یا کوئی بڑی شکایت نہ ہو ۔ ایسی صورت میں اگر منسٹر موصوف اس کی رپورٹ لے لیں تو یہ اس کے practical aspect میں کار آمد ہو گی۔

جناب چیئرمین ! اس کے علاوہ جعلی ادویات میں foreign medicines کافی مقدار میں سمگل ہو کر آ رہی ہیں ۔ ایسی جعلی companies موجود ہیں جو فارن میں اسی برانڈ کی اسی طرز کی ادویات کو بنا کر انہیں سمگل کر رہی ہیں ۔خود ہمارے صوبے میں کئی ایسی smuggled medicines موجود ہیں جو میڈیکل سٹورز میں بک رہی ہیں۔حتیٰ کہ ریڑھیوں پر انہیں عام بیچا جا رہا ہے ۔ پیراسٹامول analgesic, antipyratic جتنی میڈیسن ہیں وہ آپ کو عام ریڑھیوں سے مل سکتی ہیں۔سر عام نہ سورج کا خیال کہ سورج کی شعاعوں کی وجہ سے جو صحیح میڈیسن ہیں وہ بھی تو expire ہو جاتی ہیں ۔ اس ضمن میں ایک اور مسئلہ ہے جو بہت عمدہ ہے ۔ وہ expire dated کا ہے ۔ اسلام آباد میں یہ جو بڑے بڑے ڈیپارٹمنٹل سٹور ہیں۔ میں خود وہاں گیا جہاں یہ ادویات بکتی ہیں۔ صحت پالیسی کا براہ راست تعلق technical aspects پر ان سے بنتا ہے ۔ Pollution free atmosphere بنانے اور hospital management اور میڈیسن بیچنے کا جو سلسلہ ہے ، اس کی management کی طرف بنتا ہے ۔تو جتنے بھی ڈیپارٹمنٹل سٹورز ہیں ان میں نہ صرف خورد و نوش کی اشیاء رکھی جاتی ہیں جو foreign branded ہیں اور وہ اکثر expired dated ہیں۔ آپ ابھی میرے ساتھ جائیں۔ میں آپ کو ڈیپارٹمنٹل سٹور بتاتا ہوں۔یہ جتنے cheese آپ خریدتے ہیں یا دوسری تیسری چیزیں خریدتے ہیں یہ ساری expired dated ہیں۔ اس کے علاوہ وہاں گرائپ واٹر رکھے ہوئے ہیں۔ میں نے جا کر جب دیکھا تو اس بندے کو بلوایا ۔میں نے کہا کہ ریڑھی منگوائیں،

وہاں جتنے بھی گرائپ واٹر تھے وہ expired dated تھے ۔ وہاں ڈیپارٹمنٹل سٹور میں رکھے ہوئے ہیں۔میڈیسن بھی رکھی ہوئی ہیں۔ میں نے ان کو ریڑھی میں ڈال کر باہر گٹر میں پھینکوایا۔ خاص طور پر بچوں کی ادویات ڈیپارٹمنٹل سٹور میں موجود ہیں۔ کس قانون کے تحت آپ نے ان کو اجازت دی ہے ؟ میں آپکو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ جو expired dated میڈیسن ہیں یا خوارک کی چیزیں ہیں ' ان کے لیبل کو تبدیل کیا جاتا ہے ۔جب ان کی معیاد پوری ہو جاتی ہے اور یہ expired dated ہو جاتی ہیں تو ان کو تبدیل کیا جاتا ہے ۔

اس کے علاوہ فارن میڈیسن جو آتی ہیں وہ ان کی اپنی language میں آتی ہیں۔ ان کی language میں expired dated ہے اور انگلش ٹھپا لگا ہوا ہے کہ 2001ء تک چل رہی ہیں۔ میں مثلاً Russian language جانتا ہوں ' فارسی زبان میں جانتا ہوں اور دس گیارہ زبانیں میں جانتا ہوں۔ ان میں وہ expired dated ہیں کیونکہ ان کے alphabetical جو ہندسے ہیں وہ مختلف ہیں اور انہوں نے انگلش میں 2010ء کا ٹھپا لگا دیا۔ میں آپ کو بتاؤں کہ یہ مسئلہ اس وقت تک حل نہیں ہوگا جب تک آپ لوگوں میں general awareness نہیں لائیں گے۔ آپ ٹی وی پر روزانہ آدھ گھنٹے کا پروگرام چلائیں۔ اس میں لوگوں کو بتائیں کہ expired dated خوراک نہ خریدیں نہ میڈیسن خریدیں نہ expired dated شیمپو خریدیں ۔ میں نے کسی بڑے intellectual سے پوچھا کہ آپ نے جو شیمپو خریدا ہے ' آپ نے اس کی expiry date دیکھی ہے ۔اس نے کہا کہ ہم نے زندگی میں شیمپو کے بارے میں expiry date کا تصور نہیں کیا ہے یا سوپ کے بارے میں حالانکہ ان سب کی expiry dates ہوتی ہیں۔ آپ جو یہ کہتے ہیں کہ میڈیسن کی قیمت کم کر لیں۔ آپ بلاشک تمام میڈیسن کی قیمت کم کر لیں لیکن جب تک آپ pollution free atmosphere نہیں دیں گے اور expired dated چیزوں کو control نہیں کریں گے اور ماحول کو اس طرح نہیں بنائیں گے تب تک لوگ زیادہ بیمار ہوں گے اور جب زیادہ بیمار ہوں گے تو جتنی ادویات کی قیمت کم ہوگی اتنی زیادہ ادویات خرچ ہوں گی۔ اس سلسلے میں گزارش یہ ہے ۔ جو اہم مسئلہ ہے وہ یہ ہے کہ اس چیز کو کیسے کنٹرول کیا جائے ۔ اور اس سلسلے میں ' میں general analysis کی طرف اشارہ دے رہا ہوں ۔ میں نے ان لوگوں کو روزانہ ڈیپارٹمنٹل سٹورز پر خوراک کی چیزیں اور ادویات کی خریداری کرتے وقت دیکھا ہے ۔ میں نے ان سے پوچھا ہے کہ آپ ان پر date کیوں نہیں دیکھ رہے ہیں ۔ انہوں نے جواب دیا کہ ہم تاریخ کبھی دیکھتے ہی نہیں ۔ اس کا

مطلب یہ ہے کہ جب اسلام آباد کے لوگ expiry date نہیں دیکھتے تو بلوچستان اور فاٹا جن کا خواندگی کا تناسب انتہائی کم ہے وہ کہاں جاکر دیکھیں گے ۔ تو اس سلسلے میں آپ analysis کریں تو اس سلسلے میں قانون سازی کی جائے اور ریڈیو ، ٹی وی پر تمام pharmaceutical products کی lists کی تشہیر کریں ۔ اس کے علاوہ جعلی ادویات کی نشاندہی بھی کرتے رہیں اور لوگوں کو بتاتے رہیں ۔ اور لوگوں کو encourage کریں کہ وہ آپ کو جعلی ادویات کے متعلق بتائیں ۔

اور ایک اہم کام جعلی پریکٹس کا ہے جو ہو رہی ہے ۔ مثلاً میں آپ کو بتاؤں کہ کچھ لوگ اپنے نام کے ساتھ ڈاکٹر لکھتے ہیں ۔ جبکہ وہ کمپاؤنڈر بھی نہیں ہیں لیکن وہ پریکٹس کر رہے ہیں ۔ کوئٹہ کے اندر میں نے سیکریٹری ہیلتھ کو بتایا کہ جناب محکمہ ملیریا میں ایک Peon ہے اور اس نے ملیریا ٹیسٹ کی مشین اپنے گھر میں رکھ کر ملیریا ٹیسٹ کا کلینک کھول رکھا ہے اور محلے کے اندر سب کا ٹیسٹ کر رہا ہے ۔ ایک اور عبداللطیف نامی جو G.P.O. اکاؤنٹ آفس میں کلرک ہے ، اس نے بھی کلینک کھول رکھا ہے ۔ میں نے تین مرتبہ خود آپ کے ڈرگ انسپکٹر عطاء الرحمن نامی کو بلوایا کہ آئیں میرے ساتھ اس کو چیک کرلیتے ہیں ۔ جناب وہ کلرک ہے اور وہ ایسے کیسز کر رہا ہے جو گائنی کا سپیشلسٹ کرتا ہے ۔ گائناکالوجسٹ بن کر ایک کلرک جس نے ڈسپنسر کا کورس تک نہیں کیا ۔ اور جب میں آپ کے محکمہ صحت کو بلاتا ہوں کہ آئیں میرے ساتھ چیک کریں لیکن وہ آج تک میرے پاس نہیں آئے ۔ اصل واقعات و حالات یہ ہیں کہ جب پریکٹس کرنے والے مستند نہیں ہیں ، ایم بی بی ایس نہیں ہیں اور باقاعدہ ایم بی بی ایس نہیں ہیں اور ان کے براہ راست تعلقات ڈرگ سٹورز سے ہیں ۔ آپ کو ایک ایسا قانون بنانا ہے کہ چاہے ڈاکٹر پرائیویٹ پریکٹس کریں یا نہ کریں ۔ میں آپ کو بتاؤں کہ جتنے بھی پرائیویٹ میڈیکل کلینکس ہیں وہ زیادہ قیمتی اور بہتر ادویات اور زیادہ سے زیادہ میڈیسن prescribe کرتے ہیں بہ نسبت اس بندے یا ڈاکٹر کے جو سرکاری ہسپتال میں بیٹھا ہوتا ہے ۔ میں نے ہسپتال کے اسی ڈاکٹر کی لسٹ چیک کی ہے ۔ جو ہسپتال کی میڈیسن لسٹ ہے وہ عام میڈیسن کی ہے ، کم قیمت کی ہے ۔ وہی مریض جب وہ اپنے پرائیویٹ کلینک میں دیکھے گا تو وہ heavy, زیادہ قیمتی اور زیادہ تعداد میں prescription کی ہوگی ۔ تو اس طرح لوگ دونوں طرف سے چکی کے پاٹ میں پس رہے ہیں۔ آپ کو ایسی چیزوں کے تدارک کے لئے قانونی اور فنی بنیادوں پر فوری کارروائی کرنی

چاہیے ۔ شکریہ ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**: جناب اکرم شاہ خان ۔

**جناب اکرم شاہ خان** : جناب چیئرمین ! جناب اقبال حیدر صاحب کا یہ موشن انتہائی اہم اور تشویشناک بھی ہے ۔ کیونکہ جناب چیئرمین ! اس کا تعلق انسانی زندگی اور صحت سے ہے ۔

جناب چیئرمین ! انتہائی افسوس اور تشویش کا مقام ہے کہ ہمارے ملک میں عوام کی بنیادی سہولتوں اور ضرورتوں پر بہت کم توجہ دی گئی ہے ۔ آج جب ہم اکیسویں صدی میں داخل ہو رہے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ شیرشاہ سوری یا اس زمانے میں چار سو سال پہلے اس وقت کے لحاظ سے صحت کے حوالے سے لوگوں کو جو بنیادی سہولتیں حاصل تھیں وہ آج موجود نہیں ہیں ۔ ہمارے سرکاری ہسپتالوں میں جانے کے لئے پرچی چاہیے ۔ ایکسرے کے لئے فیس لگا دی گئی ہے ۔ ہمارے صوبے میں تمام ہسپتالوں میں جو مریضوں کو کھانا ملتا تھا وہ ختم کردیا گیا ہے ۔ اور شاید چند مہینوں میں وہاں جو مریض بستر پر داخل ہوگا اس بستر کا بھی وہ کرایہ لیں گے ۔ شاید کچھ ہسپتالوں میں لیتے بھی ہیں جب ایک معاشرے میں تندرست انسان نہیں ہونگے تو وہ معاشرہ کیا آگے بڑھے گا ۔ جناب چیئرمین ! گزارش یہ ہے کہ ہمارے ملک میں عام لوگوں کی جو حالت ہے یا ان کی جوآمدن ہے یا وہ جو تنخواہ وصول کرتے ہیں اس میں ممکن ہی نہیں کہ کوئی بھی شخص اس تنخواہ میں سے اپنے بچوں کا یا والدین کا علاج کرواسکے ۔ اس کے لئے یا تو وہ قرض لے گا ۔ یا اپنے گھر میں موجود کوئی بھی قیمتی چیز جو کہ اس کی بیوی کے یا والدہ کے زیور بھی ہوسکتے ہیں ، اس کو بیچ کر وہ اپنا علاج کروائے گا ۔ لیکن افسوس یا تشویش کی بات یہ ہے جناب چیئرمین ! کہ ڈاکٹر کی فیسیں ادا کرنے کے بعد، تمام ٹیسٹ کروانے کے بعد، ہزاروں روپے خرچ کرنے کے بعد جب ڈاکٹر اسے نسخہ لکھ کر دیتا ہے اور وہ جا کر بازار سے وہ دوائی خریدتا ہے تو وہ دوائی یا تو غیر معیاری ہوتی ہے یا سرے سے جعلی ہوتی ہے ۔ تو اس کے یہ تمام اخراجات ، ڈاکٹر کی فیس ، لیبارٹریوں کے ٹسٹ وغیرہ ، اور اس کی زندگی اور موت کا مسئلہ ہے ۔ ایک انتہائی خطرناک بیماری میں اس نے ٹیسٹ بھی کروایا ، اچھے ڈاکٹروں کو فیس بھی دی لیکن ڈاکٹر نے جو دوائی لکھ کر دی اور اس نے جو دوائی بازار سے خریدی وہ غیر معیاری یا جعلی نکلی ۔ تو اس کی

زندگی تو گئی۔

اس لئے جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ اول تو چونکہ ہیلتھ پالیسی پر بحث نہیں ہو رہی ایک particular مسئلہ ہے لیکن پھر بھی یہاں پر کہنا پڑتا ہے کہ ہماری حکومت کو چاہیئے کہ وہ ہمارے ملک کے غریب لوگوں کی بنیادی ضرورتوں مثلاً صحت ، تعلیم ،پینے کا صاف پانی جو کہ انسانی زندگی اور انسانی معاشرے سے متعلق ہے ' اس پر انہیں خصوصی توجہ دینی چاہیئے۔ اور آج جو زیر بحث موضوع ہے کہ غیر معیاری ادویات اور ادویات کی قیمتیں تو جناب چیئرمین! آپ کو بھی بہتر معلوم ہوگا اور سب لوگ جانتے ہیں کہ ہمارے ملک میں ہمارے ہمسایہ ملکوں سے دوائیاں سمگل ہوکر آتی ہیں ۔ اسی کمپنی کی دوائی ' اسی مارکہ کی دوائی اور ڈاکٹروں کے کہنے کے مطابق جس کا معیار بھی یہاں کی کمپنی سے اچھا ہے مثلاً فائزر کمپنی' ویلکم کمپنی یا اس طرح کی ملٹی نیشنل کمپنیاں جو ہیں ہمارے ہمسایہ ملکوں میں انہیں کمپنیوں کی دوائیں سمگل ہوکر یہاں پر آتی ہیں اور ان کی قیمتیں دس گنا' پندرہ گنا حتی کہ بیس گنا ہمارے ملک کی نسبت کم ہوتی ہیں۔

آخر یہی کمپنی ہے جو انڈیا میں دوائی بناتی ہے ۔ یہی کمپنی ہے جو کہ ایران میں دوائی بناتی ہے اور وہی کمپنی ہے جو کہ ہمارے ملک میں دوائی بناتی ہے ۔ اب اسی ٹیبلٹ کی قیمت ایران میں پانچ روپے ہے جبکہ اسی ٹیبلٹ کی قیمت اسی کمپنی کی دوائی' وہی گولی' اسی مرض کے لئے اسی نام سے' اس کی قیمت تین روپے ہے لیکن وہی گولی یہاں پر ساٹھ روپے کی ملتی ہے تو یہ بھی ہمارے لئے ایک سوال ہے کہ جب وہی کمپنی ہے اور کسی اور ملک میں دوائی بناتی ہے' کوئی ٹیبلٹ ، انجکشن بناتی ہے تو اس کی قیمت اس انجکشن یا ٹیبلٹ سے دس گنا ' پندرہ گنا زیادہ ہوتی ہے جو کہ ہمارے ملک میں ہے ۔

جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے ' منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں ایسے لوگوں کو سزائیں دینے کی ضرورت ہے جو کہ غیر معیاری ادویات بناتے ہیں' غیر معیاری ادویات بیچتے ہیں ' جعلی ادویات بناتے ہیں یا بیچتے ہیں ۔ ان کے لئے اگر کسی قانون سازی کی ضرورت ہے تو اس کے لئے میں گزارش کروں گا کہ سخت ترین قوانین بنائیں ایسے لوگوں کے خلاف ۔ کیونکہ یہ انسانی صحت کا مسئلہ ہے ۔ جیسے جالب صاحب نے یہاں پر کہا کہ ہمارے دیہاتوں میں یہ واقعات اتنے زیادہ ہوتے ہیں کہ expire dated دوائی کسی نے کھا لی یا expire dated انجکشن کسی کو لگ گیا ۔ دیہاتوں میں تو اس حوالے سے اتنی زیادہ اموات ہوتی ہیں کہ آپ اندازہ نہیں لگا سکتے ۔

تو ایسے لوگوں کے خلاف سخت قوانین بنائے جائیں - انہیں سزائیں دی جائیں - اور ہماری حکومت مہربانی کرکے اس مسئلہ پر کچھ کرے اور جناب تاج حیدر صاحب نے اس پر تفصیل سے بات کی کہ کس طریقے سے ممکن ہے کہ ہم دوائیوں کی قیمتیں کم کرسکتے ہیں کیونکہ دوائی ایسی چیز ہے جناب چیئرمین! کہ جب آپ کا بچہ بیمار ہوگا، آپ کی بیوی بیمار ہوگی، آپ کے والدین بیمار ہونگے تو آپ کو جو بھی چیز بیچنی پڑے آپ اس کو بیچ کر علاج کریں گے، زندگی تو انسان کی بچانی ہے - تو چونکہ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے، انتہائی قابل تشویش مسئلہ ہے، تو میں یہ گزارش کروں گا کہ ہماری حکومت اس پر انتہائی زیادہ توجہ دے اور اس کو ایک سادہ موشن سمجھ کر بات ختم نہ کرے کہ ایک موشن ہے اس پر بحث ہوگئی اور بات ختم ہوگئی بلکہ عملی اقدامات اس پر کرے۔ بہت بہت شکریہ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** جناب وزیرصحت۔

**مخدوم محمد جاوید ہاشمی:** شکریہ جناب چیئرمین! میں سینیٹر حضرات کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایک اہم موضوع پر ایک بڑی open discussion کی۔ ہر پہلو سے جائزہ لیا گیا - ان کی تجاویز یقیناً میرے لئے رہنمائی کا باعث بنیں گی۔ بہت ساری تجاویز میرے سامنے پہلے بھی تھیں لیکن یقیناً آج کی گفتگو سے مجھے اپنی آئندہ کی پالیسیوں کو بہتر بنانے میں بہت مدد ملے گی - بنیادی مسئلہ pricing کا issue تھا لیکن اچھا ہوا کہ تمام پہلوؤں پر گفتگو ہوئی اور چونکہ یہ صحت کا انتہائی اہم مسئلہ ہے اور یہ انسان کی بنیادی ضرورتوں میں سے ایک ضرورت ہے۔ خاص طور پر جو چیزیں سینیٹر تاج حیدر صاحب نے کہی ہیں ان میں کچھ ایسی ہیں، اتفاق یہ ہے کہ اس ایک سال میں تقریباً ان میں سے ۹۰ فیصد تجاویز پر ہم نے عمل کیا ہے۔ Raw material کے issue کے اوپر بھی ہم نے عمل کیا ہے۔ اسی طریقے سے بیرسٹر مسعود کوثر صاحب نے جن معاملات کی طرف میری توجہ دلائی ہے میں نے ایک ایک کا نوٹس لیا ہے اور میرے لئے یہ بالکل ایک روشنی دینے والی تجاویز ہیں۔ میں دل سے کہہ رہا ہوں اور میں اس پر believe کرتا ہوں کہ جب بھی کوئی اس طرح کی کوئی debate ہوتی ہے تو اس سے گورنمنٹ کی کارکردگی میں بھی یقیناً improvement آتی ہے اور اس کو criticism سمجھنے کی بجائے میں اسے اس light میں لیتا ہوں کہ میں ان سے روشنی حاصل کرکے جہاں پر کمی ہوگی

اس کو پورا کرنے کی کوشش کروں گا۔ لیکن کچھ چیزیں ایسی تھیں جن کی طرف میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کے اندر ہم نے کیا کیا اقدامات کئے ہیں۔یہ میری ذمہ داری بھی ہے کہ میں اس سلسلے میں جوابات عرض کروں ۔ میں فرداً فرداً شاید نام یہاں پر نہ لے سکوں لیکن تمام دوستوں نے جس خوبصورت انداز سے باتیں کی ہیں میں سب کا دلی طور پر مشکور ہوں۔

گزارش یہ ہے کہ پہلی بات تو pricing کی تھی۔ Pricing کی گزارش یہ ہے کہ نے from 1996 to 1999 جب سے ہماری حکومت آئی ہے،ایک فارمولا ہماری حکومت سے پہلے بنا دیا گیا تھا جس کی وجہ سےہمیں کافی دقتوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ۱۹۹۴ میں ایک SRO جولائی ۹۴ میں ہم سے پہلے والی حکومت نے جاری کیا جس میں ایک فارمولا تسلیم کر لیا گیا کہ ہم Dollar کے ریٹ پر اور inflation rate کو ملا کے ہر سال ۲۰ فیصد دوائیوں کی قیمت میں اضافہ کریں گے۔ یہ IPPs سے بھی بڑھ کر ایک خطرناک معاہدہ pharmaceutical companies سے کر لیا گیا۔ میں اس کو حقائق کے طور پر بیان کر رہا ہوں اور دردمندی کے ساتھ بیان کر رہا ہوں۔ میرا کسی سے نہ پچھلی حکومت سے گلہ ہے، لیکن جو حقائق ہیں وہ آتے ہیں۔ جو SRO محترمہ بینظیر صاحبہ کی حکومت میں جاری کیا گیا، اگر ہم اس کےمطابق ۲۰ فیصد ہر سال اضافہ کرتے تو اس وقت تک تقریباً قیمتیں دوگنی کے قریب ہو چکی ہوتیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** ہاشمی صاحب! indiscriminately یا مخصوص دوائیوں کے متعلق۔

**مخدوم محمد جاوید ہاشمی:** نہیں، جناب مکمل SRO ہے، میں معافی چاہتا ہوں، یہ SRO جو جولائی ۹۴ء کا ہے کہ تمام دوائیوں میں جو controlled and de-controlled ہیں ان کی تخصیص نہیں کی گئی۔ ۲۰ فیصد کا ان کمپنیوں سے، multi-national companies سے معاہدہ کر لیا گیا تھا۔ ہم نے ہر طریقے سے کوشش کی ، یہ بڑا ظلم ہے ، بڑی زیادتی ہے، ہمارے ملک کے لوگ کیسے یہ قیمتیں برداشت کر سکتے ہیں۔

اس کے لئے ہم نے annoyance لی۔ تمام دنیا کا pressure مجھ پر آیا۔ میں یہ اعلانیہ کہنا چاہتا ہوں کہ multi national کا اپنا دباؤ تھا، مختلف ممالک کے سفیر حضرات اپنی کمپنیوں کے لئے آتے ہیں، وہ میرے پاس آئے ، یورپین برادری کے لوگ بھی آئے، انہوں نے کہا کہ یہ فارمولا

پچھلی گورنمنٹ کا طے کیا ہوا ہے اس کو پورا کریں' ہمارے ہاتھ بندھے ہوئے تھے لیکن آج میں اس ایوان بالا کے سامنے فخر کےساتھ سر بلند کر کے کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے پورے پونے تین سال' جب سے یہ ہوا تھا ' اسے resist کیا اور اس وقت تک اس معاہدہ کے باوجود ایک ٹیڈی پیسے کی دوائیوں کی قیمتوں میں increase نہیں ہونے دی۔ یہ میں on record کہہ رہا ہوں۔

جناب والا! سید اقبال حیدر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں اگر میں غلط کہہ رہا ہوں تو میں مجرم۔ ہم نے پہلے سال ان multi national companies کو بٹھایا اور کہا کہ آپ کی فلاں فلاں دوائیاں انڈیا سے زیادہ ہیں' نہ صرف یہ کہ اضافہ نہیں کیا بلکہ پہلی قسط میں 29 جو کہ بہت اہم دوائیاں تھیں ان کی قیمتیں پہلے سال کم کروائیں۔ پھر اسی پر اکتفا نہیں کیا' وہ ہم سے increase مانگ رہے تھے' pressure build کر رہے تھے' ہم نے کہا کہ نہیں' یہ نہیں ہو گا بلکہ ابھی بھی آپ کی قیمتیں زیادہ ہیں۔ ایک سال پھر یہ مذاکرات چلتے رہے' سال کے بعد بجائے قیمتیں بڑھانے کے unilaterally ہماری منسٹری نے پہلے ان سے کہا کہ آئیے ہم سے بیٹھ کر بات کریں' یہ آپ کی قیمتیں زیادہ ہیں' انہوں نے آنے سے انکار کر دیا۔ پھر 29 دوائیوں کے بعد مزید 46 medicines جو عام استعمال کی تھیں ان میں یکطرفہ طور پر ہم نے کمی کا اعلان کیا۔ یہ دوسری قسط تھی ۔ تیسری قسط آپ کی خدمت کے لئے عرض کر رہا ہوں۔ جو تاج حیدر صاحب فرما رہے تھے یہ بات صحیح ہے کہ ہمارے ہاں دو مرحلوں پر غلط فیصلے ہوئے ہیں۔ پہلا 70 ء میں ' اس سے پہلے یہ تھا کہ کوئی multi national company آتی تھی تو اسے کہا جاتا تھا کہ پانچ سال میں آپ نے raw material بنانا ہے۔ 70 ء میں یہ شرط اڑا دی گئی' اس لئے اس ملک میں raw material کا base ہی نہیں بن سکا' نہ انڈیا کے پاس raw material ہے بلکہ بنگلہ دیش جو ہم سے علیحدہ ہوا ہے وہ آ کر یہاں raw material کا پلانٹ لگا رہا ہے۔ ہمارے پاس base نہیں ہے۔

دوسرا جو ہوا وہ 93 ء کے آخر میں ہوا جب decontrol کیا۔ اس میں بھی غلط فیصلہ ہوا اور قیمتیں آسمان تک چلی گئیں۔ اب جب 94 ء میں تیسرا فیصلہ ہوا تو اس کے بارے میں جیسے میں نے آپ سے عرض کیا ہے کہ 20 فیصد کا اضافہ کیا گیا۔ اب ہم نے پہلی مرتبہ کیا۔ ان سے کسی نے پچاس سال میں نہیں پوچھا کہ آپ یہ صحیح کر رہے ہیں کہ ایک طرف جو 15 ڈالر کی چیز ہے' وہ کہتے ہیں ہمارے principle ہیں ہم تو لے کر آئیں گے ' سوئٹزرلینڈ سے لائیں گے' جرمنی سے لائیں گے' وہ ہوتی ہے 8 ہزار ڈالر کی۔ جو اس ملک میں 500 ڈالر کا raw material per

کوئی راستہ، Law اور کوئی، 25000 Dollar per killo وہ کہتے ہیں ہم لائیں گے kilo available ہے
کوئی رکاوٹ نہیں تھی ۔ لیکن جناب! اللہ کا کرم ہے ، میں آج اللہ کے سامنے سر جھکا کر یہ کہنا
چاہتا ہوں، مجھے فخر ہے اس بات پر کہ ہم نے پچھلے سال ایک کمیٹی بنائی اور ہم نے کہا کہ raw
material کے ساتھ ہم آپ کو بے لگام گھوڑے کی طرح نہیں گزرنے دیں گے ۔ ان کو ہم نے
پکڑا اور جناب! ان کو کمیٹی کےسامنے بٹھایا Multi national کو بھی ہم نے کہا کہ یہ دیکھو! تم
یہ کر رہے ہو ۔ جناب! پچاس سال کی تاریخ میں پہلی مرتبہ یہ ہوا کہ ہم نے رضاکارانہ طور پر ان
کو پریس کانفرنس میں بٹھا کر جو پاکستان کا سرمایہ باہر جا رہا تھا فارن ایکسچینج کے طور پر، اس
سال جو قیمتیں raw material کی کم کرائیں وہ ایک ارب نو لاکھ چودہ ہزار چھ سو نو روپے ہیں
جس کو ہم نے بچایا اس ملک کے خزانے میں ۔ ہم اس Raw Mterial کو نیچے لائے ان کو بٹھا کر
ان سے فیصلہ کرایا اور اس طریقے سے ہم نے بنیاد فراہم کی کہ ہم کس طریقے سے آگے چلنا
چاہتے ہیں۔ اور اسی پر اکتفا نہیں کر رہے ہیں ہم ان کو یہ کہہ رہے ہیں کہ 21.43 million
dollars ہم نے اس کے اوپر کم کرایا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے پاس یہ قانون نہیں، وہ
نہیں، ہم نے کہا دیکھیں بات یہ ہے ، تاج حیدر صاحب نے جو فرمایا ہے کہ اس میں transfer
prices کا وہ کرتے تھے ،میں کہتا ہوں وہ نام کا کہتے ہیں ، حقیقت یہ ہے کہ وہ over
invoicing ہے ۔ ہمارے ملک کا خزانہ لوٹا جا رہا تھا ،ہم نے کہا ہم یہ نہیں ہونے دیں گے اور اس
کے اندر آپ کو نیچے آنا پڑے گا ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں اس کے اوپر ہم مزید بھی کام کریں
گے ۔ اسی کے اوپر نہیں رکیں گے ۔ ان کو مزید بھی raw material میں کمی لانا ہوگی کیونکہ
national interest پر ہم کسی سے کوئی سمجھوتہ کرنے والے نہیں ہیں ۔ اسی طریقہ سے یہاں پر
کہا گیا، میں کہتا ہوں جو باتیں کی گئی ہیں، سچی بات ہے میں دل سے مان رہا ہوں یہی picture
ہے ۔ ہمارے ہاں لوگوں کے دوائیوں کے مسائل ہیں ، ہسپتالوں کے مسائل ہیں، تمام ملک کے اندر
یہ مسائل ہیں۔ یہاں جو باتیں کی گئی ہیں میں کارکردگی بنانے کے لئے یہ نہیں کہوں گا کہ
نہیں جی یہ ہو ہی نہیں رہا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم مل جل کر ان مسائل
کی طرف توجہ دیں ۔ ہماری ترجیحات اور ہوتی جا رہی ہیں ۔ یہ legislation ہم نے کی، غلط یا صحیح
ہم مزید بھی آپ کو ساتھ ملا کر بیٹھیں گے ۔

جناب والا! اس ملک میں جعلی ادویات کو پکڑنے کے لئے سزا نہیں تھی ۔اس میں کسی

کو جرمانہ کر دیا اورپچاس سال کے اندر کسی کو آج تک جعلی ادویات کی وجہ سے سزا نہیں ہوئی ہے ۔اس میں ہماری حکومتیں بھی شامل رہی ہیں ۔میں کسی کو blame نہیں کر رہا، میں حقیقت حال کی بات کر رہا ہوں ۔ کسی ایک کی تو حکومت نہیں تھی لیکن پہلی دفعہ ہم نے Ordinance جاری کروائے جس میں سات سال تک سزا ان کو اب دی جاسکتی ہے ۔ جرمانے کا پانچ لاکھ تک کا کیا ہے ، پندرہ لاکھ تک کیاہے ۔پھر یہ تھا کہ ہم اس کو implement کیسے کریں؟ سارے پاکستان میں مرکزی حکومت کے اگر میں ڈرگ انسپکٹرز کی تعداد بتا دوں تو شاید خوف بھی نکل جائے لوگوں کے دلوں سے ۔ یہ بات ریکارڈ کی ہے لیکن بات یہ ہے کہ پہلی دفعہ ہم نے decentralize کیا، ہم نے یہ powers اپنے تک محدود رکھنے کی بجائے Federation نے جو ہمیں Constitution کے مطابق دیں تھیں ، ہم نے اس Ordinance میں اپنی powers صوبوں کو دی ہیں تاکہ ان کے انسپکٹرز جائیں، وہ Drug Courts بنائیں، District Health Authorities بنائیں۔ ہم نے اجازت دے کر اپنی مرکز کی powers بھی ان کو دی ہیں تاکہ وہ جو spurious medicines بیچنے والے ہیں ان کو سزائیں دی جاسکیں، ان کو پکڑا جائے ۔یہاں پر سوال ہوا تھا کہ بتایا جائے کہ کتنے cases ہوئے ہیں ۔ میں exactly figures تو نہیں بتا سکتا لیکن اسی ایک سال کے اندر جتنی فیکٹریاں بند کی گئی ہیں ، کتنے لوگوں کے وہاں پر لائسنس cancel کیے گئے ہیں، ایک سال کے cancel شدہ لائسنس اور ان کا جو ریکارڈ کنٹرول کیا ہے اور کیسز عدالتوں میں بھیجے ہیں، پچھلے پچاس سال کے کیسز ایک طرف اور ان دو سالوں کے کیسز ایک طرف ہیں، یہ ریکارڈ کی بات کر رہا ہوں۔ ہم نے اب شروع کیا ہے لیکن یہ سزا بڑی محیط ہو چکی ہے، یہ کمزور ہے۔ اس کے لیے میں نہیں سمجھتا کہ اس کے ساتھ ہم نے بہت محنت کر کے کسی قابو کر لیاہے۔ نہیں۔ جرائم اس سے زیادہ پھیلے ہوئے ہیں۔ حالات اس سے زیادہ سنگین ہیں۔ اس لیے میڈیسنز کی جب ہم بات کررہے ہیں تو یہ بات صحیح ہے کہ میڈیسن کے اندر، ہمارے budget کے اندر ہم نے increase کر لیا ہے۔ ہر half percent is the mark اس دفعہ اپنے تمام مشکل حالات کے باوجود provincial Governments نے بھی اس کے اندر increase کر لیا لیکن جناب یہ تو کہتے ہیں

تن ہمہ داغ داغ شد ، پنبہ کجا کجا نہم۔

کہاں کہاں پر ہم پٹی رکھیں گے کیونکہ جتنی اس کی ڈیمانڈ ہے دوائیوں کی ---

لوگوں کے مسائل ہیں ۔ لوگوں کے دکھ ہیں ۔ سچی بات یہ ہے کہ جس طریقے سے بیماریاں پھیلی ہیں اور غریب طبقہ اس میں جتنا پس رہا ہے ۔ اس کے لیے ' poverty alleviation کے لیے ' اس غربت کے خاتمے کے لیے ہم نے بھر پور توجہ دے کر جو کام کیا ہے یہ بالکل اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کے وسائل کو بھی اس طرف آنا چاہیے ۔ اسی پر ابھی بحث کریں گے کہ ہم آیا اس کو کوئی assurance کرا کے ' assurance کے حوالے سے کوئی اس کا حل تلاش کریں گے ۔ Major steps لینے پر ہم غور کر رہے ہیں ۔ ڈاکٹروں کی پریکٹس کے بارے میں بھی ہم یہ چاہ رہے ہیں کہ جو کم از کم سربراہ ہیں اداروں کے ان کو اپنے اداروں کے اندرکسی طریقے سے ہم confine کر دیں۔ لیکن ہماری سوسائٹی میں ہر جگہ پر یونینز ہیں ہر جگہ پر ان کے اپنے اپنے ادارے ہیں ۔ ہر طریقہ سے ایک resistance کھڑی ہو جاتی ہے' آپ کسی ایک پر چارج لگاتے ہیں--- تو جب تک ایک اجتماعی سوچ پیدا نہیں ہوتی کہ ہم نے مل کر کرپشن کا خاتمہ کرنا ہے --- لیکن جو hurdle بہتری میں ہے اس کا بھی خاتمہ کرنا ہے ۔ اس کے لیے اجتماعی سوچ کی ضرورت ہے میں اس سے بہت زیادہ آگے تفصیلات میں جا سکتا تھا ۔ لیکن میں صرف اس پر اکتفا کرنا چاہتا ہوں کہ ہم انشاء اللہ اس میں آپ کی جو تجاویز دی ہوئی ہیں اس کو رہنما بنائیں گے ۔

جو pharmaceuticals ہیں اس میں raw material کی بات ہے raw material میں ہم نے یہی کہا ' ہم نے کہا جی کہ جو اپنے مختلف source سے لے آئے 'جہاں سے بھی لے آئے ہم اس کو اسی طریقے سے تسلیم کر کے اسی کے مطابق ہم ان کو جتنا فائدہ پہنچا سکتے ہیں پہنچائیں گے ۔ لیکن ہم پابند نہیں کرتے ' principle source کیوں لینا چاہتے ہیں آپ جائیں دوسروں سے لے کر آئیں وہی۔ raw material کے حوالے سے ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اس طرف جائیں اسی طریقے سے finished product کی بات کی ۔

میرا دل کہتا ہے کہ تاج حیدر صاحب کی ایک ایک بات سچی بات ہے اور یہ موتی بکھیر رہے تھے' میں سن رہا تھا' میں چن رہا تھا اپنے دامن میں ان کے بکھرے ہوئے موتیوں کو کیونکہ درد کے ساتھ' ایک آدمی سوچ کے ساتھ' حوالے کے ساتھ جب بات کرتا ہے تو ہمیں اس کو ماننا چاہیے' اس کو سوچ کا حوالہ بنانا چاہیے ۔ انشاء اللہ اس میں بہت ساری چیزوں کو ہم رکھیں گے ۔اور میں شکر گزار ہوں آخر میں پھر جناب اقبال حیدر صاحب کا کہ وہ مسلسل کوشش کرتے رہے ہیں

اس چیز کو لانے میں درد مندی کے ساتھ اور محنت کرتے ہیں ۔ مجھے ان کی اس محنت کا احساس بھی ہے اور میں کوشش کروں گا کہ یہ تمام چیزیں جو ہیں' جو ایک ایک بات کہی گئی ہے ' حبیب جالب صاحب نے کہی ہے' ڈاکٹر عبدالحئی صاحب نے کہی ہے' ڈاکٹر بلیدی صاحب نے کہی ہے' میں یہ کہہ رہا ہوں کہ تمام دوستوں نے جہاں جہاں اتفاق سے مخدوم جاوید ہاشمی' سینیٹر اکرم شاہ صاحب بھی اور تمام دوستوں کا جنہوں نے یہ مہربانی کی ہے ان کا شکر گزار ہوں اور انشاء اللہ ان کی یہ تجاویز آئندہ کا لائحہ عمل بنانے میں مد و معاون ثابت ہوں گی۔

سید اقبال حیدر: یہ لوگ expired drugs استعمال کرنے کے بارے میں ----

مخدوم جاوید ہاشمی: میں ٹی وی والوں سے بھی بات کروں گا۔ اگر صحیح پوچھا جائے تو ٹی وی پر awareness کے لئے ہم ہیلتھ کے لئے بہت زیادہ وقت دے رہے ہیں' میں بھی کوشش کروں گا ۔ میں بالکل آپ سے متفق ہوں کہ آج ہیلتھ کے جو پرابلمز ہیں وہ 95% ایسے ہیں کہ اگر awareness دی جائے۔ فرض کریں ہمیں Hepatitis B ہوتی ہے اس کو اگر ہم نے روکنا ہے تو پانی کو ہم کس استعمال کریں۔ اسی طریقے سے ایڈز کے ایشوز ہیں تمام ایشوز ہیں۔ ان کی awareness ضروری ہے۔ اسی طرح date کی awareness کے بارے میں آپ فرما رہے تھے اس کے لئے میں وزارت اطلاعات سے بھی اور دوسروں سے بھی بیٹھ کر کہوں گا کیونکہ یہ بہت بڑا بنیادی ایشو ہے۔ awareness اس کی create ہونی چاہیئے تاکہ ہر ایک آدمی کو پتہ ہو۔ اگر کوئی اور بات ہے تو میں حاضر ہوں۔ آخر میں پھر آپ تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ آپ اسی طرح میری رہنمائی فرماتے رہیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ڈاکٹر صفدر علی عباسی ۔ میں نے سپیشل ٹائم دیا ہے کیونکہ ڈبیٹ تو انہوں نے ختم کر دی ہے۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: موشن کا تو انہوں نے جواب دے دیا۔ ہاشمی صاحب ماشاء اللہ بہت اچھے مقرر ہیں اور ان کی اچھی تقریر کرنے کی ہسٹری ہے میں ان کو اس کے لئے خراج تحسین پیش کروں گا۔ لیکن انہوں نے کچھ پوائنٹس اٹھائے ہیں جو کہ controversial ہیں 'ان پر تو بعد میں بات ہوگی لیکن اگر ان کی ہر بات کو مان لیا جائے کہ جو decontrol 20% قیمت بڑھی ہے وہ بھی انہوں نے نہیں ہونے دی ۔ انہوں نے raw material کی قیمت بھی

permanent کردی ہیں۔ لیکن حالت جو باہر ہے وہ اس سے مطابقت نہیں رکھتی جو انہوں نے بات کی ہے۔ یہ یہاں سے اٹھیں اور سٹور پر چلے جائیں، کسی بھی میڈیکل سٹور پر چلے جائیں اور قیمتوں کا ذرا موازنہ کرلیں۔ میں صرف ان کی اطلاع کے لئے عرض کر رہا ہوں۔

**مخدوم محمد جاوید ہاشمی:** میں ، محترمہ نے جو فارمولہ دیا تھا وہ قبول کر لوں۔ میں کہتا ہوں کہ وہ ملک کے خلاف ہے۔ ملک کے ساتھ زیادتی ہے۔

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی:** میں اس بحث میں نہیں جانا چاہتا۔ میں کہتا ہوں کہ اگر ان کی بات مان لی جائے تو ہر چیز شیر و شکر ہے۔ پھر تو قیمتوں کو مکمل طور پر نیچے جانا چاہیئے۔ لیکن یہ حالت سٹور پر نہیں ہے۔

**Mr. Presiding Officer:** We have a very useful and good discussion on this motion, this disposes of item No.10.

راجہ صاحب! کل کے متعلق کیا ہے کس وقت ہے۔

**راجہ محمد ظفر الحق:** صبح دس بجے۔

**سید اقبال حیدر:** راجہ صاحب کے تعاون سے اور تمام جماعتوں کے تعاون سے ایک ریزولیوشن ہے جو غیر متنازعہ ہے۔ جس پر پینتیس اراکین سینٹ نے دستخط فرمائے ہیں ۔ اس کے لئے راجہ صاحب بھی رضامند ہیں کہ اس ریزولیوشن کو لے لیا جائے ایک لائن کا ریزولیوشن ہے اگر وہ پڑھنے کی اجازت دے دیں تو میں مشکور ہوں گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** راجہ صاحب! is it the concensus resolution?

**راجہ محمد ظفر الحق :** گزارش یہ ہے کہ یہ ریزولیوشن انہوں نے دستخط کروا کر دیا ہے۔ منسٹر فار انفارمیشن آج نہیں ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس لحاظ سے تو کوئی حرج نہیں ہے کہ اگر اتنے ارکان دستخط کریں تو مناسب معلوم یہ ہوتا ہے کہ اس کو اگلے rota day پر رکھ لیں۔

**سید اقبال حیدر:** جناب! during a week رکھ لیں۔ کیونکہ اگلا rota day پتہ نہیں آئے نہ آئے۔

راجہ محمد ظفر الحق، نہیں، آئے گا، ابھی اس سیشن کے بعد۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : راجہ صاحب کہہ رہے ہیں کہ اگلا rota day آئے گا، ہم یہ کر سکتے ہیں کہ this would be the item No.1 in the resolution.

**Syed Iqbal Haider:** Right sir, thank you, sir.

**Mr. Presiding Officer:** The House is adjourned for tomorrow........ Yes, Aali sahib.

**Dr. Jamiluddin Aali:** I beg Senators attention for one minute.

جناب یہ میرا موشن about pensioners, December, 1997 سے pending ہے۔ آپ صرف مجھے move کرنے کی اجازت دے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، وہ بعد میں ہے عالی صاحب۔

The House is adjourned for tomorrow to meet at 10.00 A.M.

---

*(The House then adjourned to meet at ten of the clock in the morning on 10th of August, 1999.)*

---